رہنمائے اساتذہ

اُردو کا
گلدستہ
خصوصی اِشاعت

# چنبیلی (کچّی قاعدہ)

کے جی کے لیے



فوزیہ احسان فاروقی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

# تعارف

الحمدُللہ اُردو کا گلدستہ، کُتب کا ایسا سلسلہ ہے جس کے پڑھنے اور پڑھانے میں طلبہ نیز اساتذۂ کرام کا ذوق و شوق اس کی افادیت اور مقبولیت کا واضح ثبوت ہے۔ زبان و ادب کی نشوونما کے لیے دی گئی سرگرمیاں اُردو سیکھنے اور سکھانے میں دل چسپی بڑھانے میں بہت کار آمد اور مفید رہی ہیں۔ یہ خصوصی اشاعت یکساں قومی نصاب سے مکمل مطابقت رکھنے کے ساتھ اُردو کا گلدستہ کی خصوصیات کو بھی قائم رکھے ہوئے ہے۔

## یکساں قومی نصاب سے مطابقت کے اہم نکات

* یکساں قومی نصاب میں دیے گئے تدریسِ اُردو کے اہداف کے مطابق بنائے گئے اسباق، مشقیں اور سرگرمیاں * حاصلاتِ تعلّم کو یقینی بنانے کے لیے طلبہ، اساتذۂ کرام اور والدین کی رہنمائی * نصاب کی سہ ماہی تقسیم * فہرستِ اسباق کی ابتدا میں حاصلاتِ تعلّم کی شمولیت * اسباق کی ابتدا میں خاص الفاظ کی نشان دہی * معروضی، مختصر اور تفصیلی سوالات کی شمولیت * بلومز ٹیکسانومی پر مبنی سوالات (close ended محدود اور لامحدود سوچ open ended) * اسباق، مشقوں کے آخر میں دی گئی اساتذۂ کرام کے لیے ہدایات اور سرگرمیوں کی تجاویز * اسباق، نظموں کے درمیان اضافی معلومات/ سوالات/ سرگرمیوں کے چوکھٹے * پڑھائی میں روانی کے مقابلے * ذخیرۂ الفاظ بڑھانے کے کھیل اور معمّے۔

## اُردو کا گلدستہ کُتب کے خصوصی نکات

* صوتیات * خُوش خطی کے لیے اشارے اور مشقیں * طلبہ کے ذہنی معیار کے مطابق منتخب کیے گئے دل چسپ مضامین، نظمیں اور اسباق * قواعد سکھانے کا سہل اور دل چسپ انداز * انشا پردازی / نظم نگاری، منظّم انداز میں خیالات کے مربوط اظہار کے لیے مختلف طریقے اختیار کرنا مثلاً برین اسٹارمنگ، سوالات اور اشاروں کی مدد سے لکھنا سکھانا * طلبہ کی دل چسپی بڑھانے کے لیے مختلف مشقیں اور سرگرمیاں۔

## خصوصی اشاعت کے لیے تشکیل کردہ رہنمائے اساتذہ کے خصوصی نکات

تدریسی مقاصد کی وضاحت    اوقاتِ کار کی تقسیم کے نمونے اور تجاویز    تدریسی مواد کی وضاحت    حل شدہ مشقیں

* حل شدہ لفظی کھیل، معمّے اور سرگرمیاں * نصاب میں تجویز کردہ حکمتِ عملیوں کے مناسب انداز میں استعمال کے طریقے سے تجاویز * ذخیرۂ الفاظ بڑھانے، دُرست اور خُوش خط لکھائی اور املا کی دُرستی کے لیے مشقیں اور تجاویز * تخلیقی لکھائی کی مختلف اقسام (مثلاً اقتباس، مضامین، نظم نگاری ...) سکھانے کے لیے ہدایات اور مددگار اشارے * مددگار بصری و سمعی مواد کی فراہمی اور تجاویز * ہم نصابی سرگرمیوں کی تجاویز اور ہدایات۔

اُمید ہے کہ اساتذۂ کرام کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ مددگار ثابت ہوں گی۔ ان شاء اللہ ۔ اللہ تعالیٰ علم کی راہ میں ان مخلصانہ کوششوں کو قبول فرمائیں آمین۔

فوزیہ احسان فاروقی

# فہرست

خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام ..... ۱

## پہلی سہ ماہی

حمد ..... ۸
حروفِ تہجّی ..... ۹
مصوتے/ مفرد حروفِ تہجّی ..... ۱۵
لکھیے اور رنگ بھریے ..... ۱۹
لال رنگ اور لفظ کی پہچان ..... ۲۰
مصوتے ..... ۲۱
خالی جگہ میں حروف لکھیے ..... ۲۲
تین دوست ..... ۲۳
شرارتی حروف ..... ۲۵
خطرناک اور محفوظ ..... ۲۶
پڑھیے اور پہچانیے، پڑھیے اور ملائیے ..... ۲۷
نیلا رنگ اور لفظ کی پہچان ..... ۲۸
'ا' سے ملانا ..... ۳۰
کبوتر جال لے اُڑے ..... ۳۳
'ا' سے ملانا ..... ۳۴
الگ کیجیے ..... ۳۸
جانچ ..... ۳۹
پڑھیے لکھیے اور لفظ بنائیے ..... ۴۰
میری کار ..... ۴۴
لفظ بنائیے (تین حرفی) ..... ۴۶
پڑھیے لکھیے ..... ۴۷
صاف رہو ..... ۴۹

'و' سے ملانا ۵۰
ایک گھر ۵۳
'و' سے ملانا ۵۴
الگ کیجیے ۵۸
جانچ ۵۹
میرا گاؤں ۶۰
'پیلا' رنگ اور لفظ کی پہچان ۶۱
پڑھیے لکھیے ۶۴
مانو کہاں ہے ۶۷


## دوسری سہ ماہی


کالا طوطا ۶۹
زارا کی بلّی ۷۰
پڑھیے لکھیے ۷۱
تین حرفی الفاظ (جانچ) ۷۳
'ا' اور 'و' کے تین حرفی الفاظ کی پہچان ۷۴
آؤ کھیلیں (نظم) ۷۵
ہرا رنگ اور لفظ کی پہچان ۷۶
بصری الفاظ کی پڑھائی ۷۸
'ی' سے ملانا ۷۹
صاف رہو، صاف رکھو ۸۳
'ی' سے ملانا ۸۴
الگ کیجیے ۸۷
ملایئے الگ کیجیے ۸۸
سوچو جو یہ ہو (نظم) ۹۰
پڑھیے لکھیے ۹۱

اپنی باری لو ........ ۹۵
تفہیم ........ ۹۶
اُردُو گنتی ........ ۹۷

## تیسری سہ ماہی

'ے' سے ملانا ........ ۹۹
بلّی اور چوہا ........ ۱۰۲
'ے' سے ملانا ........ ۱۰۳
'ے' کے دو حرفی ارکان ........ ۱۰۶
ملائیے الگ کیجیے ........ ۱۰۸
'ا و ی' ........ ۱۰۹
'ے' کے دو حرفی ارکان۔ جملہ سازی ........ ۱۱۱
واحد جمع ........ ۱۱۳
جانچ ........ ۱۱۴
جانچ ........ ۱۱۶
مرکّب حروف ........ ۱۱۷
مد ........ ۱۲۵
زبر ........ ۱۲۷
زیر ........ ۱۲۸
پیش ........ ۱۲۹
وُ وَ وٗ ........ ۱۳۰
ـَے ........ ۱۳۱
مصوتے بطور حرف صحیح ........ ۱۳۲
ہمزہ ........ ۱۳۴
تشدید ........ ۱۳۵

# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

## اُردُو تدریس کے اہم نکات

اساتذۂ کرام مندرجہ ذیل نکات پر توجّہ مرکوز کرنے سے مطلوبہ اور بہترین نتائج حاصل کرسکیں گے:

- سیکھنے کے عمل کے لیے مثبت اور حوصلہ افزا ماحول یقینی بنائیے۔غلطیوں کی اصلاح مثبت طریقے سے کروائیے تاکہ بچّے خوفزدہ ہوئے بغیر سیکھیں اور ان میں پڑھنے کا شوق بڑھے۔
- استعمال کی جانے والی تمام کُتب کا خود بغور مطالعہ کیجیے۔ ان کے رہنمائے اساتذہ کے صفحات پڑھیے۔مشکل درپیش ہونے کی صورت میں اپنے ساتھی یا صدرِ معلّم سے وضاحت کروا لیجیے۔

## اعادہ / سکھائے گئے نظریات سے تعلق بنانا

کوئی بھی نیا نظریہ، آواز، یا لفظ متعارف کرواتے ہوئے طلبہ کی سابقہ معلومات اور معیار کو مدِّنظر رکھا جائے۔ اس کے لیے سوالات اور گفتگو کے ذریعے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اپنے سکھائے گئے نظریات کو دُہرا کر آگے بڑھا جاسکتا ہے۔مثلاً 'آ' کی آواز سکھاتے وقت 'ا' کی آواز کا اعادہ کروالیجیے تاکہ اس آواز کو دُگنا کرنا ان کی سمجھ میں آسکے۔

یاد رکھیے / سیکھنے کا عمل ایک زنجیر کی طرح ہے جس کی کڑیاں ملانی بہت ضروری ہیں۔

## تعارف / آمادگی

تعارف دل چسپ طریقے سے کروانے سے بچّے نئے نظریات سیکھنے کے لیے بہتر طور پر آمادہ ہوتے ہیں۔ اس کے لیے تھوڑی سی تیاری بہت بہترین نتائج دیتی ہے۔مثلاً 'آ' سکھانے کے لیے جماعت میں 'آ' کی پتلی لے جائیے اور کہیے کہ آج 'آ' آپ سے ملنے آیا ہے۔موضوع 'پیشے' کرواتے ہوئے کچھ اوزار (ہتھوڑا، اسٹیتھواسکوپ ........) جماعت میں لے جائیے اور پوچھیے یہ کون استعمال کرتا ہے؟

مجوزہ خاکہ برائے ایک بلاک (پیریڈ) (۴۰ منٹ)

| | |
|---|---|
| اعادہ/ تعلق بنانا: سکھائے گئے کاموں/ سابقہ معلومات سے تعلق بنانا۔<br>آمادگی: نئے نظریے کو سیکھنے کے لیے آمادہ کرنا۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| اعلانِ سبق/ پیشکش ۔نظریے/ کام کا تعارف اور وضاحت۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| طلبہ کا کام۔سرگرمی/پڑھائی/لکھائی........<br>آخری پانچ منٹ میں کرائے گئے کاموں/ کام کا جائزہ اور گھر کے کام کا طریقہ سمجھائیے۔ | (۲۵ سے ۳۰ منٹ)<br>اندازاً |

نوٹ: مختلف سرگرمیوں کے لیے وقت کی تقسیم مختلف ہوسکتی ہے۔مثلاً کسی نئی آواز / نظریے کا تعارف زیادہ وقت لے سکتا ہے۔ یا لکھنے کے کام کے لیے زیادہ وقت درکار ہوسکتا ہے۔ اساتذۂ کرام اپنی صوابدید کے مطابق اپنے اوقاتِ کار کی تقسیم کرسکتے ہیں۔

## زبان سکھانے کے مراحل

یہ بات مدِّنظر رکھنی ضروری ہے کہ سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے مواقع متوازن طریقے سے منصوبہ بندی میں شامل کیے جائیں۔ لکھائی کے لیے طلبہ کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اس کا بھی خیال رکھا جائے۔

زبان کی نشوونما کے مراحل پر توجّہ رکھتے ہوئے ہر سبق / نظریہ اسی ترتیب سے سکھائیے۔

سننا ← بولنا ← پڑھنا ← لکھنا

### سننا

زبان سکھانے کے لیے سننے کے مواقع کی فراہمی ضروری ہے اس کے لیے

- گفتگو کیجیے۔ دُرست تلفّظ اور معیاری زبان کا خیال رکھیے۔
- سوالات کیجیے۔سوال کے بعد جواب کا انتظار کیجیے۔
- کہانیاں، نظمیں، اخبار، رسائل ........ سنانا اپنی منصوبہ بندی کا حصّہ بنائیے۔ اس سے نہ صرف طلبہ کی غور سے سننے کی مہارت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ خود پڑھنے کا شوق بھی بڑھتا ہے۔
- سن کر عمل کروانے کی مشق بھی اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے۔سن کر ہدایات پر عمل کرنا مثلاً آپ کہانی سنائیں اور دوبارہ سنانے پر بچّے کسی خاص لفظ پر تالی بجائیں (مثلاً بھاری آواز کے الفاظ سن کر ...)
- املا بھی سن کر عمل کرنے ہی کی ایک سرگرمی ہے۔ یہ آپ کی منصوبہ بندی کا ایک مستقل حصّہ ہونا چاہیے۔ (مثلاً ہفتے میں ایک بار)

### بولنا

## بولنے کے مواقع کی فراہمی

- طلبہ کو جماعت میں بولنے کے مواقع فراہم کیجیے۔مثلاً سوالات کے جوابات دینا، کہانی / نظمیں سنانا، پہیلیاں بوجھنا، اپنے کیے گئے کاموں کے بارے میں جماعت کو بتانا، ڈرامے میں حصّہ لینا۔ اپنے خیالات کا اظہار کرنا ........

### پڑھنا

## پڑھائی کی اہمیت

پڑھنے کی جانب رغبت دلائی جانی ازحد ضروری ہے۔ پڑھنے کے جتنے مواقع طلبہ کو حاصل ہوں گے ان کے کام میں اتنی ہی بہتری آئے گی۔
پڑھنے کے لیے نصابی کُتب کے علاوہ بھی مختلف قسم کے مواد سے مدد لیجیے۔مثلاً : اخبار، رسائل، کہانی کی کُتب، انٹرویوز، نظمیں وغیرہ۔
ہفتے میں کم از کم ایک دن ضرور کُتب پڑھنے اور سننے سنانے کے لئے مخصوص کیجیے۔ بڑے بچّوں کی لکھی ہوئی کہانیاں، نثر پارے، نظمیں، لطائف، پہیلیاں چھوٹے بچّوں/ دوسرے سیکشن کے بچّوں کو پڑھنے کا موقع فراہم کیجیے اسی طرح اسمبلی اور مختلف مواقع اس مقصد کے لیے استعمال کیجیے جب طلبہ ایک دوسرے کا کام دیکھ سکیں۔

- پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ، رغبت، دل چسپی نیز فہم کی صلاحیتوں کی نشوونما کے لیے ان کُتب کی معاون کُتب ترتیب دی گئی ہیں۔ اپنی منصوبہ بندی میں انھیں بھی شامل رکھیے۔

# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

## سمعی و بصری مواد کا استعمال (Audio visual aids)

- جہاں تک ممکن ہو سمعی و بصری مواد کا استعمال کیجیے۔
- معیاری کہانیوں اور نظموں کے کیسٹ سنائیے۔
- اپنے پڑھانے کے وقت کے شروع کے دس منٹ ضرور فلیش کارڈز سے پڑھائی کے لیے مخصوص کیجیے۔ یہ فلیش کارڈز نئے سبق کے بھی ہو سکتے ہیں اور سکھائے گئے نظریات کے اعادے کے لیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔


## سبق پڑھنے اور پڑھانے کا طریقۂ کار

- نمونہ پڑھائی: خود درست تلفّظ سے حرف بہ حرف پڑھ کر سنائیے۔ جب آپ پڑھیں تو بچّے ان الفاظ پر انگلی رکھنے کے ساتھ نظر بھی رکھے ہوئے ہوں۔
- طلبہ کی پڑھائی: کوئی بھی سبق شروع کرنے کے لیے بصری پڑھائی جماعت کے ان بچّوں سے پڑھوائیے جو اچّھا پڑھتے ہوں۔ اس دوران بھی تمام بچّوں کا پڑھے جانے والے الفاظ پر انگلی / نظر رکھنا یقینی بنائیے۔
- انفرادی: باری باری ہر بچّے سے پڑھوائیے ۔ اٹکنے کی صورت میں مدد کیجیے۔
- جوڑی میں پڑھیں: دو دو بچّوں کی جوڑی بنائیے (ایک بچّہ اچّھا پڑھنے والا ہو اور ایک بچّے کو مشکل درپیش ہو)
  ۱۔ دونوں بچّے ایک دوسرے کو پڑھ کر سنائیں۔
  ۲۔ پھر وہ جماعت کو پڑھ کر سنائیں۔
- گروہ: گروہ میں پڑھائی کروائیے۔ ایک بچّہ پڑھے اور باقی بچّے سُنیں۔ سارا گروہ کورس میں پڑھے اور پھر دوسرے گروہ کی باری آئے۔

نوٹ: ضروری نہیں کہ یہ تمام حکمتِ عملیاں ہی اختیار کی جائیں۔ یہ آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ کس طرح کی حکمتِ عملی کب اختیار کرتے ہیں۔

## تفاہیم

طلبہ کی فہم کی صلاحیتوں میں اضافہ کروانا اتنا ہی اہم ہے جتنا انھیں پڑھنا اور لکھنا سکھانا۔ عبارت سے معانی اخذ کرنا، سوالات کے جوابات از خود ڈھونڈنا اور لکھنا تھوڑی سے محنت اور توجّہ سے سکھایا جاسکتا ہے۔ ضروری ہے کہ ایسا کیا جائے۔ یاد کرنا سکھانا ایک مہارت ہے لیکن سمجھ کر اپنے الفاظ میں اظہار کرنا ضرور سکھائیے۔



## کُتب میں موجود مثالی سوالات

- اپنے پسندیدہ کردار/ منظر کی تصویر بنائیے۔
- کہانی کا کوئی اور عنوان/ آغاز/ انجام لکھیے۔ (تخلیق)
- 'ء' کے الفاظ پڑھیے اور ان کی مدد سے چند جُملوں کی کہانی بنائیے۔ (تخلیق)
- رنگوں کے نام بدل کر نئی نظم بنائیے، مثلاً اس گڑیا کے بھورے بال۔ (تخلیق + اطلاق)
- "پانی ضائع نہ کیجیے" کے عنوان سے پوسٹرز بنائیے اور اِسکول میں نمائش کیجیے۔ (تخلیق)
- یہ نظم کس کی زبانی ہے؟ جواب چُن کر صحیح کا نشان لگائیے۔ (فہم)
- کسی حادثے کی خبر اخبار سے کاٹ کر چپکائیے، اپنی رائے لکھیے۔ آپ کے خیال میں حادثہ کس وجہ سے پیش آیا؟ کس کی غلطی ہوسکتی ہے؟ حادثے سے کیسے بچا جاسکتا تھا؟ (تجزیہ + تشخیص)
- ایک دعوت نامہ لکھیے جس کے ذریعے دوسرے سیّاروں کے رہنے والوں کو اپنی زمین کی سیر کے لیے بلائیے۔(تخلیق اور اطلاق)

## لکھنا

'لکھنا' سکھاتے وقت انتہائی ضروری ہے کہ معلّمین کے ذہن میں یہ بات واضح ہو کہ لکھائی دو قسم کی ہوتی ہے۔

- لکھائی (Hand Writing): جس میں طلبہ کو دُرست بناوٹ، شوشے، لائن سے اُوپر نیچے لکھنے کا تناسب اور خُوش خط لکھنے کی مہارتوں کی نشوونما پر کام کیا جاتا ہے۔
- تخلیقی لکھائی/ انشا پردازی (Creative Writing): جس میں طلبہ کے خیالات کو ترتیب دینا، ذخیرۂ الفاظ کا چناؤ اور اُن کا بہترین استعمال نیز مختلف اصنافِ سخن میں لکھنے کے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ ان میں جُملہ سازی، اقتباس، مضامین، تبصرے، ڈائری اور نظمیں لکھنا شامل ہیں۔

## خُوش خطی

خُوش خطی کی مشق پابندی سے کرائی جانی انتہائی ضروری ہے۔

- نئے الفاظ بورڈ پر درست بناوٹ سے بڑے لکھ کر دکھائیے۔ تیر کے نشانات سے واضح کیجیے۔ بچّے ان کی بناوٹ کی نقل ہوا میں دو انگلیاں اُٹھا کر کریں (ابتدائی جماعتوں میں یہ حکمتِ عملی اختیار کی جائے خصوصاً جماعت اوّل اور دوم میں)
- انفرادی طور پر ہر بچّے کے پاس جاکر اس لفظ کی دُرست بناوٹ بچّے سے ڈیسک یا میز پر بنوا کر دیکھیے۔
- لکھائی کے کام کے دوران ہمیشہ عمدہ لکھنے اور دُرست بناوٹ کی طرف توجّہ دلاتے رہنے سے طلبہ کے کاموں میں بہتری آتی ہے۔
- خُوش خطی کے دُرست طریقوں اور کتاب کے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی 'اُردو خُوش خطی سلسلہ' اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی کتابیں طلبہ کی لکھائی بہتر بنانے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں۔ جماعت اور گھر کے کام میں اُن پر مشق کروانے سے بہت بہتری آئے گی۔

# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

## تخلیقی لکھائی

حُروف سے الفاظ اور الفاظ سے جُملے اور جملوں سے اقتباس اور مضامین لکھنا سکھانا ایک بتدریج اور محنت طلب کام ہے۔ اس سلسلے میں ان کتب میں دیا گیا طریقۂ کار بہت مددگار ہے۔

- اس کام سے پہلے زبانی گفتگو اور موضوع سے متعلق الفاظ کی لکھائی کی مشق بہت ضروری ہے۔
- کوشش کیجیے کہ سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جُملے ہی بنوائے جائیں۔
- پہلا مسوّدہ (first draft) لکھوانا اور پھر اس کی اصلاح کر کے جماعت کے کام میں خُوش خط لکھوانا وقت تو لیتا ہے لیکن اس طرح کام بہت عمدہ ہوتا ہے اور بچّے اپنی غلطیوں سے سیکھتے ہیں۔

## حوصلہ افزائی

بچّوں کے کام کی حوصلہ افزائی انہیں اعتماد بخشتی ہے اور ان کے ذاتی تشخص کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔

- ان کے کام کو جماعت میں آویزاں کیجیے۔ (کوشش کیجیے کہ تمام بچّوں کی باری آئے)
- بچّوں کے کام کو پڑھ کر سنائیے یا بچّے سے ہی پڑھوائیے۔
- اسمبلی / دوسرے سیکشن / دوسری جماعت میں پیش کروائیے۔
- ان کے کاموں کی نمائش کا اہتمام کیجیے مثلاً کتابچے، چارٹس، پراجیکٹس ........

## اِملا

اِملا کرانا بچّوں کی تحریری صلاحیتوں میں اضافے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جاسکتے ہیں۔


نوٹ: املا ان ہی الفاظ کا لیجیے جن کو پڑھنے اور لکھنے کی وہ اچّھی طرح مشق کر چکے ہوں۔

۱۔ تختۂ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوائیے۔ اب ان ہی الفاظ کا املا کروائیے لیکن الفاظ بولتے وقت تختۂ تحریر پر لکھے ہوئے الفاظ کی ترتیب سے نہ بولیے۔مثلاً تختۂ تحریر پر جو لفظ پانچویں نمبر پر لکھا ہے وہ پہلے بولیے۔ (بچّے تختۂ تحریر سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں) اس طرح صرف وہی بچّے لکھ سکیں گے جو دُرست پڑھ سکتے ہیں۔

۲۔ تختۂ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوائیے۔ پھر مٹا دیجیے اور ان ہی الفاظ کا املا لیجیے۔

۳۔ گھر سے املا کے الفاظ کی تیاری کروائیے اور املا لیجیے۔

نوٹ: تیاری کا طریقہ بتائیے۔



## خود اصلاحی

املا یا کسی بھی کام کی خود اصلاحی (self correction) کروانے سے طلبہ اپنے کاموں کا تنقیدی نگاہ سے جائزہ لینا سیکھتے ہیں۔

## طریقۂ کار

- کام کے بعد طلبہ کو ان کی پنسلیں، قلم رکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ اب اپنے ہاتھوں میں نیلے رنگ کی پنسلیں/کسی اور رنگ کے قلم (لکھائی سے مختلف رنگ ہونا ضروری ہے) لے لیں۔
- تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ/حل لکھیے۔
- طلبہ تختۂ تحریر سے دیکھ کر اپنی اغلاط پر نشان لگائیں۔

## اصلاح

- طلبہ کو اپنی اغلاط دُرست کرنے کی عادت ڈالیے۔
- اغلاط کو وہ ہمیشہ دُرست کر کے تین تین بار لکھیں۔
- اس کے لیے کاپی کے صفحے کا بقیہ حصّہ یا نیا صفحہ استعمال کیجیے۔

## فرہنگ

درسی کُتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے اساتذۂ کرام کو اپنے کاموں کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس فرہنگ کے الفاظ کے فلیش کارڈ، خُوش خطی، حُروف ملانا، حُروف الگ کرنا، جُملے بنانے اور اِملا کے لیے استعمال کیجیے۔ یہ مشقیں دیے گئے موضوع پر طلبہ کی تحریری استعداد بڑھانے میں معاون ہوں گی۔

## نصابی گوشوارہ

نصابی گوشوارے کی مدد سے اساتذۂ کرام پچھلی اور آئندہ جماعتوں میں پڑھائے گئے اور پڑھائے جانے والے موضوعات اور نظریات کو جان کر اپنے کام میں بہتر ربط قائم کر سکتے ہیں۔

## سرگرمیاں

۱۔ ہر سہ ماہی میں ایک بار مقابلۂ اِملا کروائیے۔ اس کے لیے کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ کے الفاظ پر نشان لگا کر یاد کرنے کے لیے دیجیے۔

۲۔ اسی طرح ہر سہ ماہی میں ایک بار مقابلۂ خُوش خطی بھی کروائیے۔

۳۔ ڈرامے اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے۔ جماعت کے پانچ پانچ بچّوں کے گروہ کو باری باری موقع دیا جائے۔ اسی طرح تقریباً ہر سبق اور نظم کے ڈرامے کروانے سے اُن میں بولنے کا اعتماد پیدا ہوتا ہے اور معلّم/ معلّمہ کو ڈراموں کی تیاری کے دوران طلبہ کا تلفّظ اور ادائیگی دُرست کروانے کا موقع ملتا ہے۔

# خصوصی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

۴۔ ہفتۂ پڑھائی اپنی سالانہ منصوبہ بندی میں شامل کیجیے۔ اس ہفتے میں کُتب میلے کا انعقاد، شاعری کا دن، کسی مصنّف کا انٹرویو، روزانہ اُردو کے پیریڈ کے دس منٹ کوئی بھی اُردو کتاب، رسالہ اور اخبار پڑھنے کی سرگرمیاں کروایئے۔ کسی ناشر کو مدعو کرکے اس کی کُتب کا اسٹال لگوایئے تاکہ بچّے اپنے جیب خرچ/ عیدی کو کتابیں خریدنے کے لیے استعمال کرنے کی جانب راغب ہوسکیں۔

۵۔ شاعری سے رغبت دلوایئے۔ نظمیں زبانی یاد کروایئے۔ طلبہ کے درمیان نظمیں سنانے کا مقابلہ کروایئے۔ یہ لکھی ہوئی نظمیں، مختلف اخبارات و رسائل اور کُتب سے لی گئی بھی ہوسکتی ہیں۔

۶۔ بچّوں میں ادبی ذوق پیدا کرنے کے لیے ”ادبی نشست“ کا اہتمام کیجیے۔ جماعت میں موجود بچّوں کو موضوع دے کر چھوٹی نظمیں یا اشعار گھر سے لکھ کر لانے کے لیے کہیے اور پھر ان میں سے دس بہترین لکھنے والے بچّوں کا انتخاب کیجیے۔ اب اُن کے دو گروہ تشکیل دیجیے اور ان گروہوں کے نام شعرائے کرام کے نام پر رکھیے جیسے اقبال گروہ اور اسمٰعیل میرٹھی گروہ۔ پھر دن مقرّر کرکے جماعت میں باقاعدہ ادبی نشست منعقد کروایئے۔ اس سے دو دن قبل بیجز تیار کروایئے اور بچّوں کو تیاری کا وقت بھی دیجیے۔ مقرّرہ روز تختۂ تحریر پر 'ادبی نشست' خُوش خط لکھیے ربن اور بچّوں کے تیار کردہ پھولوں سے سجاوٹ کیجیے۔ تختۂ تحریر کے دائیں، بائیں نشستیں ترتیب دیجیے اور دونوں گروہوں کو آمنے سامنے بٹھایئے۔ ایک بچّے سے میزبانی کرواتے ہوئے باقاعدہ نشست کا آغاز کروایئے۔ اب دونوں گروہ اپنی تیار کردہ نظمیں/ اشعار اچھی آواز اور انداز کے ساتھ پڑھ کر سُنائیں گے اور جماعت کے باقی بچّے سُن کر بہترین پڑھنے والے کے انتخاب میں مدد دیں گے۔ سب سے اچھا پڑھنے والے کا نام لکھ کر تختۂ نرم پر لگایئے اور باقی بچّوں کی بھی حوصلہ افزائی کیجیے۔

اُمید ہے کہ اس رہنمائے اساتذہ کی مدد سے اُردو زبان کی تدریس آسان اور زیادہ موثّر ہوجائے گی۔ علم سکھانے کا عمل صدقہ جاریہ ہے۔ خلوصِ نیّت سے کیا جانے والا یہ کام ہماری دنیا اور آخرت کی کامیابی کا وسیلہ بنے گا۔ (ان شاء اللہ)

## اعادہ اور جانچ

- سکھائے گئے نظریات کی تشکیلی جانچ وقتاً فوقتاً formative assessment لیتے رہیے۔
- ہر سہ ماہی کے بعد ایک مجموعی جانچ summative assessment لیجیے۔

# حمد ........... (صفحہ ۱)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کتاب کے اجزا کی نشان دہی کرسکیں۔
- کتاب کے اجزا کے بارے میں بات کرسکیں۔
- حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- نظم سن کر دہراسکیں۔
- مختصر جُملوں میں اپنی پسند کے بارے میں بتاسکیں۔
- تصویر بنانے کے ذریعے ہاتھوں کی مجموعی نفیس حرکات پر قابو پاسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور محبت کے بارے میں جان سکیں۔

## مددگار مواد

- کتاب 'چنبیلی' کے فلیش کارڈز (حُروفِ تہجّی اور حمد کا بصری ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۱

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تمام سکھائے گئے حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھوائیے۔
- 'چنبیلی' کتاب سب کے ہاتھوں میں دیجیے۔سرورق بغور دیکھنے کے لیے کہیے۔ پوچھیے کیا کیا نظر آرہا ہے، کون کون سے رنگ نظر آرہے ہیں، بچّے کیا کررہے ہیں اندر کے صفحات کا تعارف کروائیے، اندرونی سرورق، تعارف اور فہرست کے بارے میں بتائیے۔
- طلبہ کو فہرست میں موجود مختلف اصناف کے بارے میں بتائیے۔طلبہ سے ان کے پسندیدہ سبق کا نام پوچھیے۔ (مثلاً کہانی، نظم، ڈرائنگ، رنگ بھرنا)
- معلّمات کا فہرست کے بارے میں جاننا ضروری ہے تاکہ وہ طلبہ کو اس کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کرسکیں۔ فہرست کی مدد سے کتاب میں موجود مختلف اسباق، ان کی اصناف اور صفحات نمبر، مصنفین کا نام جاننے میں آسانی ہوتی ہے۔ فہرست میں درج صفحہ نمبر کی مدد سے مطلوبہ سبق آسانی سے تلاش کیا جاسکتا ہے۔
- طلبہ کو صفحہ ۱ کھولنے کی ہدایت دیجیے اور صفحے کو بغور دیکھنے اور پڑھنے کی کوشش کرنے کے لیے کہیے۔

- معلّمہ طلبہ کو 'حمد' پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد بچّوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔ یعنی پہلے معلّمہ پڑھیں پھر بچّے وہی مصرع دہرائیں۔ تین سے چار مرتبہ پڑھوایئے تاکہ یادداشت میں محفوظ ہوجائے۔
- کاغذ پر اس 'حمد' میں بیان کی گئیں چیزوں میں سے طلبہ سے اُن کی پسند کی شخصیت یا چیز کی تصویر بنوایئے۔ ان میں پانی، روٹی، بہن، بھائی کی تصویر ہوسکتی ہے۔ دوسرے مذاہب کے طلبہ سے مختلف شخصیات کے بارے میں گفتگو کیجیے اور دیگر مذاہب کے طلبہ کو موقع دیں کہ وہ جماعت کے دیگر طلبہ کے سامنے گفتگو کرسکیں۔
- طلبہ تصویر بنالیں تو ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اس کے بعد معلّمہ حمد میں مذکورہ اپنی کسی پسندیدہ چیز اور شخصیت کے بارے میں (بطور نمونہ) تین جُملے بتائیں۔ مثلاً: مجھے اپنی امّی پسند ہیں، وہ بہت پیاری ہیں، وہ مجھ سے بہت پیار کرتی ہیں۔ یا مجھے پھول پسند ہیں۔ پھولوں میں خوش بو ہوتی ہے۔ مجھے ان کی خوش بو اچّھی لگتی ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو ان کی بنائی ہوئی تصویر پر تین جُملے بولنے کی ہدایت دیجیے۔ کسی طالبِ علم کو گفتگو کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس ہورہی ہو تو معلّمہ اس کی مدد کریں۔
- صفحے پر نیچے دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- حمد سے متعلق سوالات کیجیے۔ جیسے کہ اللہ نے ہمیں کون کون سی چیزیں کھانے کے لیے دی ہیں؟ کون کون سے رشتے دیے ہیں؟ دنیا میں موجود چیزوں کے نام بتایئے؟
- طلبہ سے پوچھیے کہ انھیں کتاب چنبیلی کیسی لگی؟

# حُروفِ تہجّی (ب سے خ) .......... (صفحہ ۲ تا ۳)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری لفظ ''یہ'' کی پڑھائی کرسکیں۔
- تین لفظی جُملے پڑھ سکیں۔
- درست سمت میں پنسل پھیرتے ہوئے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں گے۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ب' سے 'خ' تک حُروف کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- 'ب' سے 'خ' تک حُروف کے نام بتاسکیں۔
- 'ب' سے 'خ' تک حُروف کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے ذخیرہ الفاظ اور حُروفِ تہجّی 'ب سے خ')


- چنبیلی صفحہ ۲، ۳
- تختۂ تحریر، رنگین پنسلیں
- ریت کی ٹرے(ریت کے ٹرے بنانے کے لیے پھیلا ہوا چوڑا برتن یا گتّے کا ایسا ڈبہ لیں جس کی دیواریں چھوٹی ہوں تا کہ بچّوں کو لکھنے میں آسانی رہے اس میں ریت بھرلیں)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے 'ب سے خ' تک حُروفِ تہجّی کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کروایئے۔
- بصری لفظ 'یہ' کا اعادہ کروایئے۔
- حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھاکر (ب سے خ) تک ان کے ناموں مثلاً : بے، پے، تے، ٹے، ثے، اور جیم، چے، حے، خے کا اعادہ کروایئے۔ ان حُروف کی آوازیں پوچھیے اور بتایئے۔
- تختۂ تحریر پر پہلے ب پ ت ٹ ث لکھیے اور طلبہ سے ریت اور ہوا میں درست سمت میں لکھوایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۲ کھلوایئے۔ باری باری ہر حرف کا نام، آواز اور صفحے پر موجود تصویریں دکھاتے ہوئے ذخیرہ الفاظ دیجیے۔

نوٹ : تصاویر کے نام اساتذہ کی مدد کے لیے لکھے گئے ہیں۔ اس درجے میں طلبہ کے ہجے کرکے پڑھنے کے لیےقطعی نہیں ہیں۔

- 'ب سے ث' تک حُروف کے نام، آوازیں اور تصاویر کے نام پڑھ کر بتایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر لکھے گئے حُروف میں پہلے شہادت کی انگلی دُرست سمت میں پھروایئے اور پھر پنسل سے باری باری ہر حرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ بہتر ہوگا کہ اس مقصد کے لیے تین الگ رنگ کی پنسلیں استعمال کی جائیں تاکہ آپ (معلّمہ) تین بار لکھے جانے کے بارے میں جان سکیں۔
- اب تختۂ تحریر پر ج چ ح خ لکھیے اور طلبہ سے ہوا اور ریت میں دُرست طریقے سے لکھوایئے۔
- چنبیلی کےصفحہ ۳ پرموجود حُروف باری باری پڑھایئے اور ان سے شروع ہونے والی تصویروں کے نام بتایئے۔شروع کی آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔ ہرحرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ تین مختلف رنگین پنسلوں کا استعمال بہتر ہوگا۔
- دورانِ تحریری کام معلّمہ کمرۂ جماعت میں طلبہ کی نگرانی کریں اور ان طلبہ کے نام نوٹ کرلیں جنھیں اضافی توجہ کی ضرورت ہے۔ ان طلبہ کو اضافی وقت دے کرحُروف یاد کروایئے اور الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- فلیش کارڈز سے لفظ یہ کی پڑھائی کروایئے اور پھر کتاب کےصفحہ ۳ پرموجود تصویروں کے ساتھ پڑھوایئے۔
- مثلاً یہ بلّی ہے  یہ گیند  یہ گڑیا 

# حُروفِ تہجّی (د سے ژ) ........... (صفحہ ۴ تا ۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری ذخیرہ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- تین لفظی جُملے پڑھ سکیں۔
- دُرست سمت میں پنسل پھیر سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’د‘ سے ’ژ‘ تک حُروف کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- ’د‘ سے ’ژ‘ تک حُروف کے نام بتاسکیں۔
- ’د‘ سے ’ژ‘ تک حُروف کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز (سکھائے گئے ذخیرہ الفاظ اور حُروفِ تہجّی ’د سے ژ‘ یہ ، ہے ، وہ ، ہیں )
- چنبیلی صفحہ ۴، ۵
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

## پیریڈز : ۳۔۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے ’د سے ژ‘ تک حُروفِ تہجّی کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کروائیے۔
- بصری الفاظ ’یہ‘ کا اعادہ کروائیے۔
- حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھا کر (د سے ژ) ان کے ناموں مثلاً: دال، ڈال، زال، رے، ڑے، زے، ژے کا اعادہ کروائیے۔
ان حُروف کی آوازیں پوچھیے اور بتائیے۔
- تختۂ تحریر پر پہلے د ڈ ذ لکھیے اور طلبہ سے ریت اور ہوا میں دُرست سمت میں لکھوائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۴ کھلوائیے۔ باری باری ہر حرف کا نام، آواز اور صفحے پر موجود تصویریں دکھاتے ہوئے ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔
- ’د سے ذ‘ تک حُروف کے نام، آوازیں اور تصاویر کے نام پڑھ کر بتائیے۔

- چنبیلی کے صفحہ ۴ پر لکھے گئے حُروف میں پہلے شہادت کی انگلی دُرست سمت میں پھروایئے اور پھر پنسل سے باری باری ہر حرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ بہتر ہوگا کہ اس مقصد کے لیے تین الگ رنگ کی پنسلیں استعمال کی جائیں تاکہ آپ (معلّمہ) تین بار لکھے جانے کے بارے میں جان سکیں۔
- اب تختۂ تحریر پر ر ڑ ز ژ لکھیے اور طلبہ سے ہوا اور ریت میں دُرست طریقے سے لکھوایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۵ پر موجود حُروف باری باری پڑھایئے اور ان سے شروع ہونے والی تصویروں کے نام بتایئے۔ شروع کی آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔ ہر حرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ تین مختلف رنگین پنسلوں کا استعمال بہتر ہوگا۔
- فلیش کارڈ سے الفاظ | یہ |، | وہ |، | ہے |، | ہیں | کی پڑھائی کروایئے اور پھر کتاب کے صفحہ ۴ اور ۵ پر موجود تصویروں کے ساتھ پڑھوایئے۔

مثلاً: وہ  چڑیا　　　وہ  چاند　　　وہ  جہاز ہے

یہ  بلی ہے　　　یہ  بھالو ہے　　　وہ  تارے ہیں

# حُروفِ تہجّی (س سے غ) ........... (صفحہ ٦ تا ٧)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دُرست سمت میں پنسل پھیرتے ہوئے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔
- بصری ذخیرہ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- تین لفظی جُملے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’س‘ سے ’غ‘ تک حُروف کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- ’س‘ سے ’غ‘ تک حُروف کے نام بتاسکیں۔
- ’س‘ سے ’غ‘ تک حُروف کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (سکھائے گئے ذخیرہ الفاظ اور حُروفِ تہجّی ’س سے غ‘ | یہ | | میری |، | ہے |، | وہ |، | میرا | )
- چنبیلی صفحہ ٦، ٧
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں، ریت کی ٹرے

## پیریڈز : ۳۔۴

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے 'س سے غ' تک حُروفِ تہجّی کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کروایئے۔
- بصری الفاظ 'یہ'، 'ہے'، 'وہ'، 'ہیں' کا اعادہ کروایئے۔
- حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھاکر (س سے غ) ان کے ناموں مثلاً: سین، شین، صواد، ضواد، طوئے، ظوئے، عین، غین کا اعادہ کروایئے۔ ان حُروف کی آوازیں پوچھیے اور بتایئے۔
- تختۂ تحریر پر پہلے س ش ص ض لکھیے اور طلبہ سے ریت اور ہوا میں دُرست سمت میں لکھوایئے۔ باری باری ہر حرف کا نام، آواز اور صفحے پر موجود تصویریں دکھاتے ہوئے ذخیرہ الفاظ دیجیے۔
- 'س سے ض' تک حُروف کے نام، آوازیں اور تصاویر کے نام پڑھ کر بتایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر لکھے گئے حُروف میں پہلے شہادت کی انگلی دُرست سمت میں پھروایئے اور پھر پنسل سے باری باری ہر حرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ بہتر ہوگا کہ اس مقصد کے لیے تین الگ رنگ کی پنسلیں استعمال کی جائیں تاکہ آپ (معلّمہ) تین بار لکھے جانے کے بارے میں جان سکیں۔
- اب تختۂ تحریر پر ط ظ ع غ لکھیے اور طلبہ سے ہوا اور ریت میں دُرست طریقے سے لکھوایئے۔
- چنبیلی کے صفحہ ۷ پر موجود حرف باری باری پڑھایئے اور ان سے شروع ہونے والی تصویروں کے نام بتایئے۔ شروع کی آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔ ہر حرف میں تین تین بار لکھوایئے۔ تین مختلف رنگین پنسلوں کا استعمال بہتر ہوگا۔
- فلیش کارڈز سے لفظ یہ، وہ، ہے، میری، میرا کی پڑھائی کروایئے اور پھر کتاب کے صفحہ ۶ اور ۷ پر موجود تصویروں کے ساتھ پڑھوایئے۔

مثلاً: یہ میری  ہے وہ میرا  ہے

طلبہ کو جوڑیوں میں تقسیم کیجیے۔ طلبہ کو ہدایت دیجیے کہ ہم آواز حُروف ایک دوسرے کو بتائیں۔ بعد ازاں طلبہ سے حُروف پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔ (کُل جماعتی طور پر)

## حُروفِ تہجّی (ف سے ن، اور 'ہ')............ (صفحہ ۸ تا ۹)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری ذخیرہ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- دُرست سمت میں پنسل پھیرتے ہوئے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔
- تین لفظی جُملے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ف' سے 'ہ' تک حُروف کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- 'ف' سے 'ہ' تک حُروف کے نام بتاسکیں۔
- 'ف' سے 'ہ' تک حُروف کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (سکھائے گئے ذخیرہ الفاظ اور حُروفِ تہجّی 'ف سے ہ' یہ، میں، ہے، ہوں، میری، میرا، وہ )
- چنبیلی صفحہ ۸، ۹
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں، ریت کی ٹرے

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے 'ف سے ہ' کے ناموں اور آوازوں کا اعادہ کروائیے۔
- بصری الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کے ناموں مثلاً فے، قاف، کاف، گاف، لام، میم، نون اور ہے کا اعادہ کروائیے۔ ان حُروف کی آوازیں پوچھیے اور بتائیے۔
- تختۂ تحریر پر پہلے ف ق ک گ لکھیے اور طلبہ سے ریت اور ہوا میں دُرست سمت میں لکھوائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۸ کھلوائیے۔ باری باری ہر حرف کا نام، آواز اور صفحے پر موجود تصویریں دکھاتے ہوئے ذخیرہ الفاظ دیجیے۔
- چنبیلی کے صفحے پر لکھے گئے حُروف میں پہلے شہادت کی انگلی دُرست سمت میں پھروائیے۔ اور پھر پنسل سے باری باری ہر حرف میں تین تین بار لکھوائیے۔ بہتر ہوگا کہ اس مقصد کے لیے تین الگ رنگ کی پنسلیں استعمال کی جائیں تاکہ آپ (معلّمہ) تین بار لکھے جانے کے بارے میں جان سکیں۔
- اب تختۂ تحریر پر ل م ن ہ لکھیے اور طلبہ سے ہوا اور ریت میں دُرست طریقے سے لکھوائیے۔
- چنبیلی کے صفحہ ۹ پر موجود حُروف باری باری پڑھائیے اور ان سے شروع ہونے والی تصویروں کے نام بتائیے۔ شروع کی آواز کا اعادہ کرواتے رہیے۔ ہر حرف میں تین تین بار لکھوائیے۔ تین مختلف رنگین پنسلوں کا استعمال بہتر ہوگا۔
- طلبہ کو دائرے میں بٹھا کر ہدایت دیجیے کہ اپنے برابر والے ساتھی سے ایک سوال پوچھیں۔ معلّمہ بھی اپنی جوڑی کسی طالبِ علم کے ساتھ بنالیں اور نمونے کے طور پر اس ساتھی سے سوال کریں۔ مثلاً آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟ یا آپ کا پسندیدہ پھل/ سبزی/ کتاب/ لباس/ کھانا کون سا ہے؟

- فلیش کارڈز سے لفظ | میں |، | ہوں |، | یہ |، | میری |، | میرا |، | ہے |، | وہ | کی پڑھائی کروایئے اور پھر کتاب کے صفحہ ۸ اور ۹ پر موجود تصویروں کے ساتھ پڑھوایئے۔

مثلاً : میں  ہوں    یہ میری  ہے    میں  ہوں    وہ میرا  ہے

# مصوّتے اور حُروفِ تہجّی ........... (صفحہ ۱۰ تا ۱۱)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دُرست سمت میں پنسل پھیرتے ہوئے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔
- تمام حُروفِ تہجّی کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- تمام حُروفِ تہجّی کے نام بتاسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوتوں کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔
- بنیادی مصوتوں کے نام بتاسکیں۔
- مصوتوں کے چار حرفی ذخیرہ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز تمام حُروفِ تہجّی (ا سے ے تک )
- چنبیلی صفحہ ۱۰ اور صفحہ ۱۱
- تختۂ تحریر

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- پہلے فلیش کارڈز کے ذریعے مصوّتوں (ا و ی ے ) کے ناموں اور دُرست آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ پھر تمام حُروفِ تہجّی کا اعادہ کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۰ کھلوا کر تصاویر دکھاتے ہوئے خود الفاظ پڑھتے جایئے اور آوازوں کی وضاحت کیجیے۔مثلاً : 'ا' با جا...... 'ا' کی آواز لمبی کرکے واضح کیجیے۔
- اسی طرح باقی تینوں مصوّتوں کے الفاظ آوازوں کو واضح کرتے ہوئے پڑھایئے۔ طلبہ آپ کے ساتھ دہراتے جائیں۔

- صفحے کے نیچے لکھے ہوئے کھوکھلے حُروف (Hollow Letters) میں دُرست بناوٹ سے لکھوائیے۔
- چنبیلی کے صفحہ ۱۱ پر دیے گئے حُروف کے نام اور آواز بتاتے جائیے اور چیزوں کے نام بھی لیتے جائیے۔

مثلاً : بے، بَ، بلّا۔

- اعادے کے لیے منتخب کھیل کھیلیے مثلاً حُروف کے نام لیجیے اور کہیے کہ ان حُروف کے جتنے نقطے ہیں اُتنی تالیاں بجایئے۔مثلاً بے ۔ ایک تالی۔ باجا۔ (با پر ایک تالی، جا پر دوسری تالی، دونوں تالیوں کے درمیان وقفہ نہ ہو کیونکہ یہ ایک لفظ ہے۔)
- صرف نقطے والے حُروف کے نام لینے پر تالی بجانی ہے اور بغیر نقطے والے حُروف کے نام لینے پر تالی نہیں بجانی ہے۔
- حُروفِ تہجّی کی دُرست ترتیب سکھانے کے لیے طلبہ کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دے کر ترتیب سے کھڑا کیجیے اور حُروفِ تہجّی پڑھوایئے۔
- طلبہ سے حُروف کے نام اور آواز پوچھیے اور اس حرف سے شروع ہونے والے الفاظ بھی پوچھیے۔مثلاً ج۔ جوتے۔
- مذکورہ بالا طریقے سے مصوتوں کی پڑھائی کروایئے۔

# حُروفِ تہجّی ........... (صفحہ ۱۲۔۱۳)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- 'ا' سے 'ی' تک حُروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی نشان دہی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ا' سے 'ی' تک حُروفِ تہجّی کی لکھائی کرسکیں۔
- 'ا' سے 'ی' تک حُروفِ تہجّی کی خوش خطی کرسکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز (پچھلے درجوں میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور حُروفِ تہجّی اور متعلقہ تصویریں)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۲، ۱۳

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر 'ا' سے 'ژ' تک دُرست بناوٹ سے لکھ کر دکھایئے۔ جب آپ لکھیں بچّے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھ رہے ہوں۔حُروف لکھتے ہوئے ان سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بھی لیتے جایئے۔ اسی طرح صفحہ ۱۲ کا کام بھی کروایئے۔
- چنبیلی کے صفحات پر کام کروایئے۔ اس دوران بچّوں کے کام کی نگرانی کیجیے۔ دیکھیے کہ وہ شروع کے لال نقطے سے ہی لکھنا شروع کر رہے ہوں۔ نقاط کے حُروف پر پنسل پھروایئے۔
- دیے گئے لال ڈیشز پر بچّوں کو دُرست بناوٹ سے لکھائی کرنے میں مدد دیجیے۔ اس امر کو یقینی بنایئے کہ بچّوں کا تحریری کام خوش خط ہو۔
- جو بچّے جلدی لکھ لیں ان سے لکھے گئے حُروف کے اوپر خالی جگہ میں ان حُروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنوایئے۔ یاد رکھیے کہ تصاویر حرف کے اوپر بنوائی جائیں گی۔ ان کے لیے علیحدہ سے کوئی جگہ مختص نہیں کی گئی۔ یہ اضافی کام ہے اور اضافی جگہ میں ہی کروایا جائے گا۔مثلاً



- بچّے جو بھی بنائیں آپ ان سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟، اگر'ب' کے اوپر بنائی گئی تصویر 'ب' ہی سے شروع ہونے والا نام ہے تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ اس بچّے کو آوازوں کی دُرست پہچان ہے۔
- حُروف کے ساتھ دُرست تصویری کارڈز رکھنے کا کھیل کروایئے۔
- اس کھیل کے لیے معلّمہ طلبہ کو پانچ پانچ کے گروہوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کو کم از کم پانچ پانچ حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز اور ان سے متعلقہ چیزوں کی تصاویر دیں۔ اس کے بعد معلّمہ طلبہ کو دو چیزوں کی تصاویر کے ساتھ متعلقہ حُروف کے فلیش کارڈز رکھ کر دکھائیں اورحُروف کے نام اور آوازوں کے ساتھ ان چیزوں کے نام بتائیں، مثلاً: جیم،جَ جوتے، بے، بَ، بلا۔ اس کے بعد طلبہ کو حُروف کے ساتھ ان کی متعلقہ تصاویر رکھنے کو کہیں۔ جب تمام طلبہ حُروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز اور تصاویر ایک ساتھ رکھ لیں تو معلّمہ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اگر کسی طالبِ علم نے حرفِ کے ساتھ غلط تصویر رکھی ہو تو معلّمہ اسے تصویر کا نام بتائیں اور اس کا متعلقہ حرف بتائیں اور پھر دیے گئے حرف کی متعلقہ تصویر کا نام بتائیں۔اس کے بعد طلبہ کو باری باری حُروفِ تہجّی کے نام اور آواز کے ساتھ متعلقہ چیزوں کے نام بتانے کو کہیں۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# حُروفِ تہجّی ............ (صفحہ ۱۴۔۱۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تمام حُروفِ تہجّی کی لکھائی کرسکیں۔
- حُروفِ تہجّی کی آوازوں کی پہچان کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نقطے، بغیر نقطے اور ط کے حُروف کی نشان دہی کرسکیں۔
- حُروفِ تہجّی کو متعلقہ تصاویر سے ملاسکیں۔
- لفظ لال، نیلا اور پیلا کی پڑھائی کرسکیں۔
- لال، نیلے اور پیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حُروف تہجّی اور متعلقہ تصاویر)
- چنبیلی صفحہ ۱۴، ۱۵
- تختۂ تحریر

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے نقطے، بغیر نقطے اور 'ط' کے حُروف کی پڑھائی کروایئے اور ان تینوں کے فرق کو واضح کیجیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۴ کھلوایئے، کام کا طریقہ سمجھایئے۔ انھیں پچھلے صفحات پر لکھے حُروفِ تہجّی دیکھنے کی اجازت دیجیے تاکہ وہ وہاں سے چُن کر اس صفحے پر دی گئی جگہ میں لکھ سکیں۔ کام اچھا کرنے پر بچّوں کو اسٹار دیجیے۔
- اب طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۱۵ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- کچھ تصاویر تختۂ تحریر پر بنا کر یا چپکا کر اُن کے ناموں کے شروع کی آوازیں پوچھیے مثلاً بکرا، پتّا... (دیکھیے چنبیلی کا صفحہ ۱۵)
- اُن آوازوں کے حُروف لکھیے اور تصاویر سے ملا کر دکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا پُورا صفحہ بنایئے یا بڑی فوٹو کاپی چپکایئے اور بطور مثال کچھ حُروف ملا کر دِکھا دیجیے۔
- نوٹ بک کا کام بھی کروایئے۔
- بچّوں سے کام کروایئے۔ نگرانی اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

- طلبہ کو رنگوں کا اعادہ کروائیے۔ لال، نیلا، پیلا کے فلیش کارڈز دکھا کر بصری پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

### نقطے والے حروف لکھیے۔


ب، پ، ت، ث، ج، چ، خ، ذ، ز، ژ، ش، ظ، غ، ف، ق، ن


### ط والے حروف لکھیے۔

ٹ، ڈ، ڑ

### ایسے حروف لکھیے جن میں نقطے نہ ہوں۔

ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، گ، ل، م، و، ہ، ی




## لکھیے اور رنگ بھریے...... (صفحہ ۱۶ تا ۱۷)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- جانچ کا کام خود خوش اسلوبی سے کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حُروفِ تہجّی)

## پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے حُروف کا اعادہ کرواتے ہوئے ان حُروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے اور بتائیے۔صفحات کے نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- صفحات پر کام کرواتے ہوئے کوشش کیجیے کہ بچّے یہ کام خود ہی کریں۔ کسی کو مدد کی ضرورت ہو تو اشارہ کردیجیے۔ بورڈ پر صفحہ بناتے ہوئے بھی بچّوں سے پوچھتے رہیے۔
- کام کے بعد خود اصلاحی کروائیے۔ آپ بورڈ پر دُرست حُروف تصاویر کے ساتھ لکھ دیں اور بچّے نیلی پنسلوں سے اپنا کام خود چیک کریں (OP) کا نشان لگائیں، غلط ہونے کی صورت میں دُرست حرف نیلی پنسل سے لکھے گئے حُروف کے ساتھ ہی لکھ دیں۔
- صفحے کی پچھلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# لال، رنگ اور لفظ کی پہچان ...... (صفحہ ۱۸)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- لال رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- لفظ لال کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- دی گئی تصاویر میں سے لال رنگ کی تصاویر پر دائرہ بنا سکیں۔
- صفحے (رنگ کی پہچان) کے نچلے حصّے میں دی گئی تصویر کے الفاظ میں سے لفظ لال پہچان کر رنگ بھر سکیں۔ (لفظ کی پہچان)

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز لفظ لال
- لال رنگ کی اشیا: اصلی اشیا مثلاً لال پھُول، ٹماٹر، لال رنگ کے کھلونے، جماعت میں موجود لال رنگ کی اشیا مثلاً پنسلیں.....
- چنبیلی صفحہ ۱۸

## پیریڈز : ۲


### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے لفظ لال کی پڑھائی کروائیے۔ صفحے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔ لال رنگ کا دن منائیے۔ لال رنگ سے پینٹنگ، کولاج اور تصاویر بنوائیے۔

- چنبیلی کے صفحے پر کام کروائیے۔ لال رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوائیے۔
- دیے گئے آگ بجھانے والے انجن کے خاکے میں لکھے گئے لفظ لال میں لال رنگ بھروائیے۔ اس سے قبل فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے سے طلبہ و طالبات لفظ پہچاننے لگیں گے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

## حل شدہ مشق




## مصوّتے ...... (صفحہ ۱۹)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- الفاظ کے آخر کی آواز پہچان سکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردُو کے بنیادی مصوّتے (vowels) پہچان سکیں۔
- دیے گئے الفاظ کے آخر میں آنے والے مصوّتے پہچان کر اُن پر دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (صفحہ ۱۹ پر دیا گیا ذخیرۂ الفاظ)
- تختۂ تحریر
- رنگین چاک
- چنبیلی صفحہ ۱۲۴تا ۱۲۵ (ہدایات برائے اساتذہ)

### پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- بچّوں کو بتائیے کہ حُروفِ تہجّی میں کچھ حُروف ایسے ہوتے ہیں جن سے باقی حُروف مل کر الفاظ بناتے ہیں جیسے ب ا با، ب ا با بابا۔ رنگین چاک سے مصوّتے الگ رنگ سے لکھ کر وضاحت کے لیے مزید الفاظ لکھ کر دِکھائیے اور صرف آخری آواز پر دائرے بنا کر دکھائیے۔ (چنبیلی کے صفحہ ۱۰ کے الفاظ ہی بطور مثال استعمال کیجیے) مصوّتوں کی آوازوں کی وضاحت کے لیے چنبیلی صفحہ ۱۱۹ کی مدد لیجیے۔
- چنبیلی کے صفحے کے نچلے حصّے پر آخری حُروف پر دائرہ بنوائیے۔
- تمام آوازوں کو دُہراتے رہیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔ بچّوں کی مدد کر کے ہاتھ ٹریس کروائیے اور چاروں مصوّتے 'ا و ی ے' لکھوائیے۔

## حل شدہ مشق

### پہچانیے، پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

### پڑھیے دائرہ بنائیے

آخر کی آواز پر دائرہ بنائیے۔

موز (ا)، جوڑ (و)، گاڑ (ی)، جوڑ (ے)

موڑ (و)، موز (ے)، توڑ (ا)، تاز (ی)

## خالی جگہ میں حُروف لکھیے اور مصوّتوں پر دائرہ بنائیے...... (صفحہ ۲۰)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں اور مصوّتوں کے نام اور آوازیں پہچان سکیں۔
- کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک لکھیں اور دائرہ بناسکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چنبیلی میں خالی جگہ بھرنے اور مصوّتوں پر دائرہ بنانے کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ) چنبیلی صفحہ ۲۷ پر دیا گیا ذخیرۂ الفاظ
- کاپی

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے، گلاب کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۲۰ تختۂ تحریر پر بنا کر کام سمجھایئے۔ 'ا و ی ے' کی آوازوں کی مشق کے بعد کام کروایئے۔
- 'ا' سے 'ے' تک کاپی میں لکھائی کروانے کے بعد بچّے مصوّتوں پر دائرہ بنانے کا کام کریں۔ کام نامکمل رہنے کی صورت میں اگلے دن مکمل کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

### حل شدہ مشق

ا ب ت ث چ خ ڈ

ر ز ش ص ط غ ق

گ م و ی

## تین دوست ...... (صفحہ ۲۳ تا ۳۱)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مشاہدے، سننے، سمجھنے، دُہرانے، واقعات کی ترتیب جاننے، مرکزی خیال، کرداروں کی پہچان کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔
- کہانی سُن کر اس کے بارے میں زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کہانی سے اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔


## مددگار مواد

- پُتلیاں (تینوں کرداروں ہرن، کوّا اور چُوہا)
- چنبیلی صفحہ ۲۱ تا ۲۲
- چنبیلی صفحہ ۱۳۰ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار


- طلبہ کو چنبیلی کے یہ دو صفحات (۲۱ اور ۲۲) دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔ ہر تصویر کے بارے میں الگ سوالات کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ ہدایات برائے اساتذہ سے کہانی تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے۔ دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔ بچّوں کو جوابات دینے کا موقع دیجیے اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- پُتلیوں کی مدد سے کہانی دوبارہ سُنائیے۔ بعدازاں بچّوں کے ہاتھوں میں پُتلیاں دے کر اُن سے اپنے کردار کے مطابق مکالمے دُہرانے کے لیے مدد کیجیے۔



- تجویز: کہانی کو بآسانی ڈرامے کی طرح بھی پیش کروایا جا سکتا ہے۔
- صفحہ ۲۳ کا کام سمجھا کر کروائیے۔ کردار دُہرائیے۔ دیے گئے جانوروں کی تصاویر میں سے کون سے آپس میں دوست تھے، پوچھیے اور اُن کی تصاویر کے گرد دائرے بنوائیے۔ صفحے کے نچلے حصّے پر بچّوں سے اُن کے اپنے / اپنی دوست کی تصاویر بنوائیے۔

## حل شدہ مشق

### دائرہ بنائیے



### تصویر بنائیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## شرارتی حُروف ...... (صفحہ ۲۴)

### مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- شرارتی حُروف کے بارے میں جان سکیں۔

### مددگار مواد

- شرارتی حُروف کی پُتلیاں
- چنبیلی صفحہ ۲۴

### پیریڈز : ۱۔۲

### طریقۂ کار




- شرارتی حُروف کی پُتلیاں بنا لیجیے اور ہلا کر ان کے بارے میں بتائیے۔ مثلاً:
- میں 'د' ہوں۔ میں اپنے بعد آنے والے حُروف سے نہیں ملتی لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حُروف سے مل جاتی ہوں، مثلاً: دس۔ رب۔ ڈر
- سمجھانے کے بعد صفحہ تختۂ تحریر پر بنا کر کام کروائیے۔ دیے گئے دائروں میں صرف شرارتی حُروف کی پہچان کروا کر رنگ بھروائیے۔
- ان کٹ آؤٹس کو گھر لے جانے کے لیے دیا جا سکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت کے مطابق کام کروائیے۔

## خالی جگہ میں حُروفِ تہجّی لکھیے اور شرارتی نو پر دائرہ بنائیے ...... (صفحہ ۲۵)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے حُروفِ تہجّی پہچان سکیں۔
- حُروفِ تہجّی لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

- شرارتی حُروف پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز 'بصری الفاظ' اور حُروفِ تہجّی
- چنبیلی صفحہ ۲۵
- چنبیلی صفحہ ۱۲۷ (ہدایات برائے اساتذہ)
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کُتب)

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے حُروفِ تہجّی اور ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔
- شرارتی حُروف کی پتلیوں کی مدد سے اعادہ کروائیے اور صفحہ ۲۵ پر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲ اور ۳ کروائیے۔

کاپی میں کام: کتاب میں کام کی طرح ہی کاپی میں حُروفِ تہجّی لکھوانے (خاندان کی ترتیب کا خیال رکھیے) اور شرارتی نو پر دائرے بنانے کا کام کروائیے۔

- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## لکھیے دائرہ بنایئے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# تفہیم: خطرناک اور محفوظ ...... (صفحہ۲۶)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں۔
- تصاویر میں ہونے والے خطرناک اور محفوظ کاموں کی نشاندہی کرسکیں۔
- غلط اور صحیح کاموں پر ✗ یا ✓ کا نشان لگا سکیں۔

- خطرناک اور محفوظ دی گئی ہدایت کے مطابق کچھ مزید ایسے کام بتا سکیں جو خطرناک ہوتے ہیں۔
- موضوع سے متعلق موزوں گفتگو کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۶

## پیریڈز : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ سے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی زبانی گفتگو کیجیے اور خود بتاتے ہوئے خطرناک کاموں کی وضاحت کیجیے۔ تختۂ تحریر پر × اور ✓ کا نشان بنا کر دکھائیے۔




- بچّوں سے ہوا، ریت، سلیٹ پر دُرست بنانے کی مشق کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ہر تصویر کے بارے میں باری باری گفتگو کے ذریعے اس کا خطرناک یا محفوظ ہونا واضح کیجیے۔
- طلبہ سے ہی کام کروائیے۔ مدد، حوصلہ افزائی اور نگرانی کیجیے۔

# پڑھیے اور پہچانیے، پڑھیے اور ملائیے......(صفحہ ۲۷ تا ۲۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- بصری الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- فلیش کارڈز سے پڑھائے گئے الفاظ اور جُملے، صفحہ ۲۷ اور ۲۸ پر پہچان کر ملاسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز – بصری ذخیرۂ الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۲۷ اور ۲۸

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار


- چنبیلی صفحہ ۲۷ تا ۲۸ کی پڑھائی کروایئے، کام کا طریقہ سمجھایئے اور کام کروایئے۔
- ایک ایک مثال بورڈ پر سمجھا دیجیے۔ کام کے دوران بچّوں کی مدد کیجیے۔
- نوٹ : ان الفاظ کے فلیش کارڈز کی گزشتہ دنوں میں کروائی گئی پڑھائی بچّوں کے اس کام کو آسان کر دے گی۔

## حل شدہ مشق


### پہچانیے اور پڑھیے

کتاب میں موجود الفاظ پڑھوایئے۔

### ملایئے




### پڑھیے، ملایئے




# نیلا، رنگ اور لفظ کی پہچان ...... (صفحہ ۲۹)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- لفظ نیلا بصری طریقۂ تدریس سے پہچان سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نیلا رنگ پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- نیلے رنگ کی اشیا
- فلیش کارڈ نیلا اور گُڑیا، کتاب، امّی، ابّو، یہ، گیند، وہ (گُلاب میں سکھایا گیا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۲۹

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے دیے گئے الفاظ اور لفظ 'نیلا' کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- نیلے رنگ کا دن منائیے۔ بچّوں سے نیلے رنگ کے کھلونے اور مختلف اشیا منگوائیے جو وہ جماعت میں باری باری دکھائیں اور اُن کے بارے میں اُردُو میں جُملے بولیں۔
- نیلے رنگ سے پینٹنگ کروائیے۔ کولاج اور تصاویر بنوائی جاسکتی ہیں۔
- نیلے رنگ سے متعلق نظم پڑھیے۔

نیلے آسمان سے
نیلے کپڑے پہنے
نیلی پَری آئی
نیلے پُھول لائی

نیلے نیلے پانی میں
کشتی چلائی
نیلی پَری آئی
نیلے پُھول لائی

- چنبیلی کے صفحے پر کام کروائیے۔
- نیلے رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوائیے۔
- دیے گئے مچھلی کے خاکے میں لفظ نیلا میں نیلا رنگ بھروائیے۔
- اس سے قبل فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے سے بچّے یہ لفظ پہچاننے لگیں گے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔


# حل شدہ مشق

## دائرہ بنائیے




## رنگ بھریے

لفظ نیلا میں رنگ بھریے




# ’ا‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ...... (صفحہ ۳۰)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں ’ا‘ کے ساتھ ملے ہوئے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ب‘ کے خاندان کے حُروف مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حُروف کی ’ا‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (حُروفِ تہجّی اور با، پا، تا، ٹا، ثا)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۰
- تجویز کردہ معاون کُتب

(i) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

(ii) قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ٦ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ا‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ...... (صفحہ ۳۱)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں ’ج‘ کے خاندان کے ’ا‘ کے ساتھ مل کر بننے والے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ج‘ کے خاندان کے حُروف مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ اور ’ج‘ کے خاندان کے حُروف کی ’ا‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۱
- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۷ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# شرارتی حُروف 'ا' سے ملانا ...... (صفحہ ۳۲)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں 'د' سے 'ژ' تک حُروف 'ا' کے ساتھ مل کر بنے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- شرارتی حُروف کی خصوصیت کا اعادہ کرسکیں۔

- شرارتی نو حُروف مصوّتے 'ا' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۲
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر چنبیلی صفحہ ۲۴ کی پتلیاں استعمال کرتے ہوئے شرارتی حُروف کی خصوصیات کا اعادہ کروایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام اپنی نگرانی میں کروایئے۔ دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۸ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی پچھلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# کبوتر جال لے اُڑے ...... (صفحہ ۲۵ تا ۲۶)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں۔
- مشاہدے، سننے، سمجھنے، دُہرانے، واقعات کی ترتیب جاننے، مرکزی خیال، کرداروں اور مناظر کی پہچان کی مہارتوں کی نشوونما کرسکیں۔
- کہانی کے متعلق زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کہانی سے اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔
- کہانی کا رول پلے کرسکیں۔

## مددگار مواد

- بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۳۳ تا ۳۴
- چنبیلی صفحہ ۱۳۰ (ہدایات برائے اساتذہ: کہانی اور اس کے سوالات)
- رول پلے کے لیے جال، کبوتروں کے ماسک اور شکاری کے کپڑے

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد چنبیلی کے صفحات ۲۵ اور ۲۶ دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۳۰ سے کہانی تاثرات سے پڑھ کر سُنائیے۔ زبانی سوالات کیجیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- کہانی کا رول پلے کروائیے۔

# 'ا' سے ملانا (س ش ص ض) ...... (صفحہ ۳۵)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑے 'س ش' 'ص ض' اور 'ط ظ' مصوّتے 'ا' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۵
- کاپی
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ ’س ش‘ کے شوشوں، ’ص ض‘ کی چھوٹی اشکال کا خیال رکھتے ہوئے بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۹ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

## ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ا‘ سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ...... (صفحہ ۳۶)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں ’ع غ‘، ’ف ق‘ اور ’ک گ‘ مصوّتے ’ا‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۶
- کاپی
- تجویز کردہ معاون کُتب

(i) تارے

(ii) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ 'ع'، 'غ'، 'ف'، 'ق'، 'ک' اور 'گ' کی چھوٹی اشکال کا خیال رکھتے ہوئے بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ 'ع غ'، 'ف ق'اور 'ک گ' کے اپنی اشکال بدلنے کے بارے میں الگ الگ وضاحتیں کیجیے۔ (دیکھیے 'چنبیلی'ہدایات برائے اساتذہ صفحہ۱۲۸) دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۰ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملایئے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## 'ا' سے ملانا (ل م ن ہ) ...... (صفحہ ۳۷)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ل م ن' اور 'ہ' مصوّتے 'ا' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- مختلف حُروف کی 'ا' سے ملنے والی چھوٹی اشکال پہچان کر بڑے حُروف سے ملاسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۷
- کاپی
- تجویز کردہ معاون کُتب (i) تارے (ii) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- 'ل' کی بناوٹ کے بارے میں وضاحت کیجیے کہ یہ صرف 'ا' سے ملتے ہوئے لائن پر بیٹھتا ہے اور 'ا' کو گود میں لیتا ہے۔ 'م' کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے اس کی دُرست بناوٹ اچّھی طرح سمجھایئے۔ اس مقصد کے لیے دیے گئے لال رنگ کے تیر کے نشانات سے مدد لیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۱ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملایئے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# الگ کیجیے ...... (صفحہ ۳۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دو حرفی الفاظ کے حُروف الگ کرسکیں۔
- ملے ہوئے حُروف کی پہچان کرسکیں۔

## مددگارمواد

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۸

## پیریڈ : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر سمجھا کر کام کروایئے۔
- نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### الگ کیجیے

چ ا    د ا    ز ا    ش ا    ض ا

ط ا    ع ا    ق ا    ک ا    ل ا

م ا    ن ا    ہ ا

## حروف الگ کیجیے

پ ا  خ ا  ڈ ا  س ا

ص ا  ظ ا  غ ا

# ملایئے الگ کیجیے (جانچ) ...... (صفحہ ۳۹)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اسی نوعیت کی جانچ کا کام کاپی میں بھی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائے گئے 'ا' کے دو حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۳۹

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ بچّوں کو کارڈز دے کر کھڑا کرنے سے بھی عمدگی سے اعادہ کیا جاتا ہے۔
- حُروف کے ملانے کی کچھ مثالیں تختۂ تحریر پر دیجیے۔چنبیلی کے صفحے کے دائیں جانب کا کام سمجھا کر کروایئے۔ ابھی بچّوں کو بہت مدد اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے اس لیے نرمی اور خوش دِلی سے تھوڑی بہت مدد بھی کیجیے۔
- اسی طرح صفحے کے بائیں جانب کا حُروف الگ کرنے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر اور سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں بھی صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دیے گئے دو حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کروایئے۔
- نوٹ: جن بچّوں کو مزید مشق کی ضرورت ہے اُن کے نام اور وہ حُروف جن کے ملانے / الگ کرنے میں مدد درکار ہے نوٹ کیجیے اور وقت نکال کر اُن کی مدد کیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے

با، جا، دا، سا، کا، لا، نا

### الگ کیجیے

پ ا — خ ا — ر ا — ص ا
گ ا — م ا — ہ ا

## کاپی کا کام

### ملائیے

پا، تا، خا، دا، کا، ما

### الگ کیجیے

چ ا — س ا — ض ا — ط ا
ک ا — ل ا

## پڑھیے لکھیے اور لفظ بنائیے ...... (صفحہ ۴۰)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔ 'ا' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ کے جُملے پڑھ سکیں اور نقل کرسکیں۔
- دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی چار حرفی الفاظ بناسکیں اور پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۰
- کاپی
- تجویز کردہ معاون کُتب

(i) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ دوم


(ii) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

(iii) تارے

## پیریڈز: ۴

## طریقۂ کار

- سکھائے گئے دو حرفی الفاظ کو ملا کر نئے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی پیریڈ کے شروع کے پانچ منٹ جاری رکھیے۔ سرگرمی کے لیے چار حرفی الفاظ کے تعارف کی سرگرمی ہی دُہرائیے۔ بچّوں کو دو حرفی کارڈ دے کر کھڑا کروائیے اور پھر ایک ساتھ کھڑا کر کے چار حرفی الفاظ بنوا دیجیے۔




- چنبیلی صفحہ ۴۰ کا صفحہ تختۂ تحریر پر بنائیے۔ بچّوں سے پڑھوائیے۔ دُرست بناوٹ کے ساتھ تیر کے نشانات سے مدد لیتے ہوئے الفاظ لکھوائیے۔ جو بچّے زیادہ وقت لیں اُنھیں وقت دیجیے اور جو کام جلدی کر لیں انھیں چار حرفی الفاظ کے کارڈز دے کر دری یا قالین یا الگ گروپ بنا کر میز پر جُملے بنانے کی ہدایت دیجیے۔ اس طرح پڑھنے کی مہارتیں مزید بہتر ہوں گی۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' کا صفحہ ۴۰ پڑھائیے۔
- روزانہ ذخیرۂ الفاظ پڑھانے سے بچّے ان الفاظ سے مانوس ہو جاتے ہیں۔
- 'ا' کے چار حرفی الفاظ فلیش کارڈز، قاعدے اور چنبیلی میں پڑھنے کے بعد یہ تینوں نظمیں زیادہ تر بچّے خود پڑھ لیں گے۔ حوصلہ افزائی اور مدد شرط ہے۔
- (تجویز) 'زارا کی مالا' نظم پڑھانے کے بعد بچّوں سے ان کے پسندیدہ منظر کی تصویر کشی کروائیے 'تارے' کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ سے مزید سرگرمیاں کروائیے۔
- (تجویز) معاون کتاب 'تارے' سے نظم 'جالا' پڑھوانے کے بعد اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۳ پر کام کروائیے۔ اس طرح بچّے نظم لکھنے کے طریقے سے بھی متعارف ہو جائیں گے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے، لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### لفظ بنائیے

تارا چارا سارا مارا تالا جالا کالا مالا

## لفظ بنائیے...... (صفحہ ۴۱)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چار حرفی الفاظ کے حُروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ۴۱
- کاپی

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- چار حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (’لفظ بنائیے‘ کا) کام سمجھائیے، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح کچھ منتخب چار حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔

- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### لفظ بنائیے

دادا باجا کالا تالا تارا چاٹا

### الگ کیجیے

ب ا ب ا، س ا ر ا

چ ا چ ا، ک ا ٹ ا

### رنگ بھریے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## پڑھیے لکھیے...... (صفحہ ۴۲)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' کے تین حرفی الفاظ سے متعارف ہو کر پڑھ اور لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر، چنبیلی صفحہ ۴۲
- تجویز کردہ معاون کُتب


(i) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

(ii) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر تین حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔




- اسی طرح پا، جا، کا، ما، نا، لا کے ساتھ مختلف حُروف ملا کر پڑھائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۴۲ کھلوائیے۔ آوازوں سے پڑھوائیے۔ بورڈ پر پورا صفحہ لکھیے۔ بچّے ساتھ ساتھ پڑھتے رہیں۔ دُرست طریقے سے کتاب میں الفاظ لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ کا کام کروائیے۔ وقت کی کمی کی صورت میں یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## لفظ بنائیے

جال شال دال حال جان شان نان مان

# میری کار ...... (صفحہ ۴۳)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مشاہدے، سننے، سمجھنے، نظم کے آہنگ سے لطف اُٹھانے کی مہارتوں کو فروغ دے سکیں۔

نوٹ: اصل مقصد اپنی پسند اور اپنی رائے کے اظہار کا اعتماد دِلانا ہے۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کی پہچان اور پڑھائی کرسکیں۔
- دیے گئے دائروں میں تین حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔
- اپنے پسندیدہ کھلونے کی نشاندہی کرسکیں اور اس کی تصویر بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر۔ رنگین پنسلیں
- چنبیلی صفحہ ۴۳
- چنبیلی صفحہ ۱۳۱ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی صفحہ ۴۳ کھول کر بچّوں کو تصویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۳۱ سے مکمل نظم ترنّم، تاثرات اور حرکات وسکنات سے پڑھ کر سُنایئے۔
- بچّوں کے ساتھ مل کر دُہرایئے۔
- نظم میں آنے والے تین حرفی الفاظ کی طرف توجّہ دلایئے۔ (کار، چار، بار.....)
- صفحے کے دوسرے حصّے میں دیا گیا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھایئے۔
- ایک لفظ جان میں رنگ بھر کر دکھایئے۔ بچّوں کے کام میں اُن کی مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کاپی میں اُن کے پسندیدہ کھلونے کی تصویر بنوایئے۔ بچّوں کی بنائی تصاویر بہت واضح نہیں ہوسکتیں۔ پوچھیے یہ آپ نے کیا بنایا ہے؟ وہ جس کھلونے کا نام لیں وہ اُن کی بنائی تصویر کے ساتھ آپ لکھ دیجیے اس طرح بچّوں کو یہ اعتماد حاصل ہوتا ہے کہ وہ جو بول رہے ہیں اس کی تحریری شکل بھی ہوتی ہے۔

## حل شدہ مشق

### سنیے دہرایئے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

پڑھیے رنگ بھریے

جان بار کار کاٹ نام سال چار

## لفظ بنائیے (تین حرفی الفاظ)...... (صفحہ ۴۴)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین حرفی الفاظ کے حُروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۴
- کاپی

### پیریڈ : ا

### طریقۂ کار

- تین حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ لفظ بنائیے کا کام سمجھائیے، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح صفحے کے زیریں حاشیے میں دیے گئے منتخب تین حرفی الفاظ الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔ اُن بچّوں کے نام نوٹ کیجیے اور اُن کی مدد کیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## لفظ بنائیے

جال　　کان　　بال　　ناک　　ہار　　رات

## الگ کیجیے

جال　ج　ا　ل　　ناک　ن　ا　ک　　کان　ک　ا　ن

رات　ر　ا　ت　　بال　ب　ا　ل　　ہار　ہ　ا　ر

# لکھیے پڑھیے ...... (صفحہ ۴۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین حرفی الفاظ ('ا' کے ساتھ) کا اعادہ کرسکیں۔
- 'یہ'، 'وہ' اور 'ہے' کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'یہ'، 'وہ' اور 'ہے' کی لکھائی کرسکیں۔
- ان الفاظ کے جُملے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے ساتھ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- بچّے 'یہ' اور 'ہے' کی پہچان رکھتے ہیں کیونکہ گزشتہ درجوں میں یہ الفاظ بصری پڑھائی میں شامل رکھے گئے تھے ۔چنبیلی کا یہ صفحہ پہلے بچّوں سے پڑھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر 'یہ' لکھیے اور طلبہ سے ہوا میں دو انگلیوں کی حرکت سے صحیح بناوٹ کی مشق کروایئے۔ اسی طرح 'وہ' اور 'ہے' سکھایئے۔ تختۂ تحریر پر پُورا صفحہ بنا کر لکھائی کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ بچّوں سے کام کرواتے وقت نگرانی کیجیے کہ وہ دُرست لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر الگ سمجھا کر کروایئے۔
- بچّے جُملے بنا کر ان کے سامنے تصاویر بھی بنائیں اور رنگ بھی بھریں۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۵ تا ۱۶ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## لکھیے پڑھیے ...... (صفحہ ۴۶)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین اور چار حرفی الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- جملے لکھ سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ 'ہیں' اور 'میں' کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔
- ان الفاظ کو جُملوں میں استعمال کر کے لکھ سکیں۔
- اپنا نام لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۴۶
- تختۂ تحریر

- رنگین پنسلیں
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- صفحہ ۴۵ ہی کی طرح اس صفحے کا کام بھی کروایئے۔ پہلے پڑھائی اور پھر لکھنے سے قبل ہوا میں دُرست بناوٹ سے لکھنا سکھایئے۔
- کاپی میں بچّوں کے ناموں کی مشق کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں A4 سائز کاغذ پر ان کے نام اور ان کی بنائی ہوئی ان کی اپنی تصویر بھی بنوا کر گھر بھیجی جا سکتی ہے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۷ کا کام کروایئے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# صاف رہو ...... (صفحہ ۴۷)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ذاتی صفائی کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی جُملے پڑھ سکیں۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمیاں کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۷
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۴۷ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- ذاتی صفائی سے متعلق گفتگو کیجیے۔ آداب بھی سکھائیے۔ بتائیے کہ صاف ستھرا رہنے سے صحت بھی اچھی رہتی ہے اور ہم چاق و چوبند رہ کر اپنے سارے کام بخوبی کرتے ہیں۔معمولاتِ یومیہ کے بارے میں بھی گفتگو کیجیے کہ صبح اُٹھتے ہی پہلا کام ہاتھ مُنھ دھونا ہے۔ ہر جمعے ناخن کاٹنا ضروری ہے۔
- بچّوں سے رومال منگوائیے ہاتھ دھونے کی سرگرمی کروائیے اور رومال سے ہاتھ خشک کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## ’و‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ...... (صفحہ ۴۸)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھنے اور حُروف الگ کرنے کا کام کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ب‘ کا خاندان مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’و‘ سے ملنے والی ’ب‘ کے خاندان کی چھوٹی اشکال سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۸

- چنبیلی صفحہ ۱۲۵ (ہدایات برائے اساتذہ)
- تجویز کردہ معاون کُتب

(i) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

(ii) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔

تجویز: تعارف کے بعد قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' سے صفحہ ۴۷ سے پڑھائی کروائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ چنبیلی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۵ کی مدد لیجیے۔ بورڈ پر بڑے حُروف کرداروں کی طرح بنائیے جیسے صفحے پر بنائے گئے ہیں۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔

- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔

| | |
|---|---|
| | |
| | بو ب و |
| | |

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۹ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# 'و' سے ملانا (ج کا خاندان) ...... (صفحہ ۴۹)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'و' کے دو حرفی ارکان کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- 'ج' کے خاندان کو مصوّتے 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- 'ج' خاندان کی 'و' سے ملنے والی شکلوں کو پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۴۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۰ پر کام کروایئے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# 'و' سے ملانا (شرارتی حُروف) ...... (صفحہ ۵۰)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- شرارتی نو حُروف مصوّتے 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۰
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت کے مطابق شرارتی حُروف کا اعادہ کروایئے۔ وہی پُتلیاں استعمال کیجیے جو تعارف میں کی گئی تھیں۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۱ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ایک گھر ...... (صفحہ ۵۱ تا ۵۲)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کہانی میں دیا گیا بصری ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اپنے والدین کی احسان مندی اور خدمت کا جذبہ پیدا کرسکیں۔
- گھر میں داخل ہونے کے آداب، السّلامُ علیکم، وعلیکم السّلام کہنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (کہانی کا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۵۱ تا ۵۲
- چنبیلی صفحہ ۱۳۱ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- کہانی کے ذخیرۂالفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر دُہرائی کروائیے۔
- صفحہ ۵۱ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- کہانی سُنانے کے بعد زبانی سوالات کیجیے۔
- تجویز : اس کہانی کا رول پلے جماعت میں گروپ بنوا کر باری باری کروائیے۔ بچّوں کو کہانی کے کردار بنا دیجیے۔ جُملے دُہرانے کی مشق کروائیے۔ یہ رول پلے اسمبلی میں بھی پیش کروایا جا سکتا ہے تاکہ تمام جماعتوں کے بچّوں تک یہ پیغام پہنچ سکے۔
- صفحہ ۵۲ پر موجود تصویر بنانے کا کام کروائیے۔

# ’و‘ سے ملانا (س ش ص ض) ...... (صفحہ ۵۳)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑے ’س ش‘ ’ص ض‘ اور ’ط ظ‘ مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں ان دو حرفی ارکان کو خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۳
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ 'س ش' کے شوشوں کی گنتی، 'ص ض' کے سِروں کی دُرست بناوٹ کا خیال رکھوائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۲ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## 'و' سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ...... (صفحہ ۵۴)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں 'ع غ'، 'ف ق' اور 'ک گ' مصوّتے 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔

- 'و' سے ملے ان دو حرفی ارکان کو کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۴
- کاپی
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ واضح کیجیے کہ 'ا' سے ملتے ہوئے 'ک' گول ہوئے تھے 'کا گا' اب 'و' سے ملتے ہوئے ایسا نہیں ہو گا۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۳ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’و‘ سے ملانا (ل م ن ہ) ...... (صفحہ ۵۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ان دو حرفی ارکان کو کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ل م ن ہ‘ مصوّتے ’و‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- حُروف کی ’و‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال پہچان کر بڑے حُروف سے ملا سکیں۔

## مددگار مواد


- فلیش کارڈز – ’و‘ کے چار حرفی الفاظ کا تعارف
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۵
- کاپی
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ’و‘ کے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔ بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ واضح کیجیے کہ ’ل‘، ’ا‘ کے ساتھ ملتے ہوئے لائن پر بیٹھا تھا۔ اب لائن سے اُوپر ہے۔ ’ہ‘، ’ا‘ سے ملتے ہوئے لائن پر تھا اب ایک شوشا بنا کر لائن سے اوپر ہے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۴ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق




تین تین بار خُوش خط لکھیے : لو، مو، نو ، ہو

# الگ کیجیے ...... (صفحہ ۵۶)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے تمام حُروف کے ساتھ دو حرفی ارکان کا اعادہ کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔
- 'و' کے دو حرفی ارکان کے حُروف پہچان کر الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز - 'و' کے چار حرفی الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۶
- کاپی
- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- یہ پڑھائی طلبہ کے ہاتھوں میں دو حرفی ارکان دے کر کھڑا کر کے بھی کروائی جا سکتی ہے۔



- تمام دو حرفی الفاظ کی دُہرائی کروایئے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ دوم صفحہ ۴۶ پڑھایئے۔
- تختۂ تحریر پر کتاب کے صفحے کے دائیں جانب کا حصّہ لکھیے۔ تمام امثال لکھ کر حُروف الگ کر کے دکھایئے۔ بچّوں سے کام کروایئے۔
- دوسری جانب کے حُروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### الگ کیجیے

بو ـب ـو    جو ـج ـو    دو ـد ـو    رو ـر ـو    سو ـس ـو

صو ـص ـو    طو ـط ـو    عو ـع ـو    فو ـف ـو    کو ـک ـو

لو ـل ـو    مو ـم ـو    نو ـن ـو    ہو ـہ ـو

### حروف الگ کیجیے

پو ـپ ـو    چو ـچ ـو    زو ـز ـو    غو ـغ ـو    ق ـق ـو

## ملایئے الگ کیجیے (جانچ) ...... (صفحہ ۵۷)

### مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے دو حرفی ارکان ملانے اور الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۵۷
- کاپی

### پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر پہلے 'ملایئے' کا کام سمجھایئے صرف ایک مثال سمجھانے کے بعد بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ یہ کام خود کریں۔
- اسی طرح وقت ہونے کی صورت میں اُسی دن ورنہ دوسرے پیریڈ میں 'الگ کیجیے' کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- اُن بچّوں کے نام اپنے پاس نوٹ کیجیے جن کو ابھی مزید وضاحت اور مشق کی ضرورت ہے۔ وقت نکال کر اُنھیں الگ سے سمجھایئے تاکہ وہ بقیہ جماعت کے ساتھ آ جائیں۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملایئے

لو جو رو طو فو لو نو

### الگ کیجیے

ت و، خ و، س و، ع و، ک و، م و، ہ و

# میرا گاؤں ...... (صفحہ ۵۸ تا ۵۹)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صوتی اور بصری ذخیرۂ الفاظ پر مبنی الفاظ اور جُملے خود پڑھ سکیں۔
- تصاویر کا بغور مشاہدہ کرسکیں اور اُن کے متعلق کیے جانے والے سوالات کے جوابات دے سکیں (وجوہات بتانا، اندازہ لگانا، اپنی رائے کا اظہار زبانی اور تصویری کرنا)

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مختلف قسم کے / اپنے اردگرد کے ماحول سے واقفیت حاصل کرسکیں۔
- دیے گئے جُملوں کے دُرست الفاظ چُن کر دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- صوتی اور بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز

- چنبیلی صفحہ ۵۸۔ ۵۹
- چنبیلی صفحہ ۱۳۱ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈ : ۲

## طریقۂ کار

- ان صفحات پر موجود ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- صفحہ ۵۸ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- صفحہ ۱۳۱ پر دی گئی کہانی سُنائیے اور سوالات کیجیے۔
- صفحہ ۵۹ پر دی گئی مشق کا کام بورڈ پر لکھ کر اور سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام: بچّوں کو اُن کے نام خوش خط لکھ کر دیجیے۔ ان سے پنسل پھروائیے اور خود سے لکھنے کی ایک یا دو بار مشق کروائیے۔
- بکری، گائے اور بطخ کی تصاویر بنانے / چپکانے کے بعد ان کی آوازیں لکھوائیے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔

### دائرہ بنائیے

| | | |
|---|---|---|
| • میرا نام ہے۔ | عبداللہ | شان |
| • بکری کرتی ہے۔ | مُومُو | مَیں مَیں |
| • گائے کرتی ہے۔ | مَیں مَیں | مُومُو |
| • بطخ کرتی ہے۔ | قَیں قَیں | مَیں مَیں |
| • میرا گاؤں ہے۔ | پیارا | نام |

## 'پیلا' رنگ اور لفظ کی پہچان ...... (صفحہ ۶۰)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- پیلے رنگ کی پہچان سکیں۔

## خوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- لفظ پیلا کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- دی گئی تصاویر میں سے پیلے رنگ کی تصاویر پر دائرہ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- پیلے رنگ کی اشیا – اصلی اشیا مثلاً انڈے کی زردی، پیلے پھُول
- فلیش کارڈ – لفظ پیلا
- چنبیلی صفحہ ۶۰

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے دیے گئے الفاظ اور لفظ پیلا کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- پیلے رنگ کا دن منائیے اور اس میں مختلف سرگرمیاں کروائیے۔ وہ سرگرمیاں جو نیلے رنگ کے لیے کروائی گئی تھیں وہی کروائی جا سکتی ہیں۔
- اصلی اشیا مثلاً انڈے کی زردی، پیلے رنگ کے پھُول جماعت میں دِکھائیے۔
- چنبیلی کے صفحے پر کام کروائیے۔ پیلے رنگ کی چیزوں پر دائرہ بنوائیے۔ پھر صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- بچّوں کو گھر لے جانے کے لیے پیلا سیب، پیلا سورج کے کٹ آوٹس میں رنگ بھروا کر دیجیے۔


## حل شدہ مشق

### دائرہ بنائیے




### رنگ بھریے

لفظ پِیلا میں رنگ بھریے



# لکھیے رنگ بھریے ...... (صفحہ ٦١)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- گنتی کے لحاظ سے اشیا گِن سکیں، قدر (value) جان سکیں۔
- گنتی (ہندسوں) کو پہچان کر دی گئی جگہ میں ہندسوں کی مناسبت سے تصویریں بنا سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردُو گنتی ١ سے ٥ ہندسوں میں پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز - گنتی ١-٥ ہندسے
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦١
- موتی پرونے کے لیے ربڑ چڑھی تار یا رسّی
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ٢

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ بچّوں کو کارڈز کے ساتھ مختلف اشیا مثلاً پنسلیں، کتابیں وغیرہ رکھ کر گنتی کے ہندسے سکھایئے۔ ایک ربڑ چڑھی تار یا رسّی میں گِن کر موتی پرونے کی سرگرمی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا پہلا حصّہ بنا کر کام کرنے کا طریقہ سمجھایئے۔ ہندسوں کی بناوٹ سکھاتے ہوئے ہوا، ریت، سلیٹ پر بھی مشق کروایئے۔ صفحے پر کام کروایئے اور نگرانی کیجیے کہ طلبہ دُرست بناوٹ سے تیر کے نشانات کی سمت ہی میں لکھ رہے ہوں۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ٢٨ پر کام کروایئے۔

- کاپی میں کام کے لیے کاپی میں کالم بنا کر دیجیے۔ تختۂ تحریر پر ایک مثال سمجھا کر کام کروائیے۔

| | اُردو گنتی | | |
|---|---|---|---|
| | ١ | ١ ٢ |  |
| | ٢ | ١ ٢ |  |

## حل شدہ مشق

### لکھیے رنگ بھریے

کتاب میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔

### لکھیے رنگ بھریے

١ ____ ____ ____ ☆

٢ ____ ____ ____ ☆☆

٣ ____ ____ ____ ☆☆☆

۴ ____ ____ ____ ☆☆☆☆

۵ ____ ____ ____ ☆☆☆☆☆

(بچے اپنی پسند کی تصاویر بنائیں گے)

## پڑھیے لکھیے ...... (صفحہ ٦٢)

### مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے چار حرفی الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- معمّے سے 'و' کے چار حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔
- کاپی میں 'و' کے چار حرفی الفاظ خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد


- فلیش کارڈز

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۶۲
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- بعد ازاں طلبہ و طالبات کو 'و' کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈ پکڑا کر کھڑا کروایئے۔ باقی بچّے الفاظ پڑھیں۔




- تختۂ تحریر پر صفحے کا پہلا حصّہ لکھ کر تمام الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد بچّوں سے کتاب میں کام کروایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر دیے گئے الفاظ تین تین بار خوش خط لکھوایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۵ گھر کے کام کے طور پر مزید مشق کروائی جا سکتی ہے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔


## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### رنگ بھریے

'و' کے الفاظ میں رنگ بھریے



# پڑھیے لکھیے ...... (صفحہ ٦٣)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔
- بے ترتیب الفاظ دُرست ترتیب سے لکھ کر جُملے بنا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان کو ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ کے جُملے پڑھ سکیں اور نقل کرسکیں۔


## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦٣
- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈ: ٣

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔




- تختۂ تحریر پر لکھ کر صفحے کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کے لیے کالم بنا کر خوش خط لکھوائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل سے صفحہ ٤٣ کی پڑھائی کروائیے۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- فلیش کارڈز بچّوں کو دے کر کھڑا کر کے تختۂ تحریر پر چسپاں کر کے اور میز پر رکھ کر جُملے بنانا سکھائیے۔

- کتاب میں کام کروائیے۔
- کاپی کا کام سمجھا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۶ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# مانو کہاں ہے؟ ...... (صفحہ ۶۴ تا ۶۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تصویروں کا بغور مشاہدہ کرسکیں اور ان کے بارے میں زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کو پڑھ سکیں۔
- دیا گیا کاپی کا کام کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کہانی کا مرکزی خیال 'پالتو جانوروں کا خیال رکھنا' سمجھ سکیں۔
- دی گئی سرگرمی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ۶۴۔ ۶۵
- چنبیلی صفحہ ۱۳۲ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- طلبہ کو دونوں صفحات کی تصاویر غور سے دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔

- باری باری اور ترتیب وار ہر تصویر کے بارے میں بات چیت اور سوالات کیجیے۔ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ منظر میں موجود تمام چیزوں اور کرداروں کے حُلیے اور چہرے کے تاثرات کے بارے میں گفتگو کر کے بغور مشاہدے کی صلاحیتوں کو بڑھائیے۔ کون کیا کر رہا ہے؟
- صفحہ ۶۴ کی ہدایت پر عمل کیجیے اور صفحہ ۱۳۲ سے کہانی پڑھ کر سُنائیے اور زبانی سوالات کیجیے۔
- کاپی کا کام کروائیے۔
- سرگرمی کروائیے۔ یہ سرگرمی جماعت کے بچّوں کو گروپ میں تقسیم کر کے کروائیے۔ زارا، علی، طوطا اور بلّی کے کردار بانٹیے اور اُن سے مکالمے دُہرواکر ڈراما کروائیے۔

# حل شدہ مشق

## دیکھیے پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے ...... (صفحہ ٦٦)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- جملے پڑھ سکیں۔
- تصاویر بنا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' اور 'ا' کے دو حرفی ارکان سے چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'و' اور 'ا' کے چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦٦
- قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز: ٢

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔




- تختۂ تحریر پر مکمل صفحہ ٦٦ بنایئے۔ تمام الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- کتاب میں کام کروایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے پر دیے گئے جُملے لکھوایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل سے صفحہ ٤٣ سے پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## کالا طوطا ...... (صفحہ ٦٧)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کہانی سُن کر سمجھ سکیں اور اُس سے متعلق زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری اور صوتی طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کو خود پڑھ سکیں۔
- عبارت پڑھ کر دی گئی خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ ٦٧
- چنبیلی صفحہ ١٣٢ (ہدایات برائے اساتذہ)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ کھلوا کر تصویر دیکھنے اور عبارت خود پڑھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- خود عبارت پڑھیے۔ بچّوں کی نظریں اور شہادت کی اُنگلی اُس لفظ پر ہی ہوں جو آپ پڑھ رہے ہوں۔
- بچّوں سے عبارت دُہرانے کے لیے کہیے۔
- ہدایات برائے اساتذہ کے صفحے سے کہانی سُنائیے اور دیے گئے زبانی سوالات کے ذریعے بچّوں کی سوچنے، سمجھنے اور موازنہ کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔
- بچّوں سے خود کرنے کے لیے کہیے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے

ہدایت کے مطابق پڑھائی کروائیے۔

## خالی جگہ میں لکھیے۔

کالا دال زارا طوطا

# زارا کی بلّی ...... (صفحہ ٦٨)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جُملے پڑھ سکیں۔
- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نئے الفاظ 'بلّی'، 'نرم' اور 'پسند' متعارف ہوسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ٦٨

### پیریڈز: ٢

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ ٦٨ پر لکھے گئے جُملے خود پڑھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- اس کے بعد آپ خود پڑھیے اور بچّوں کی نظر چنبیلی کے صفحے کی عبارت کے ہر لفظ پر ہو۔
- بچّوں سے باری باری ایک ایک جُملہ پڑھوائیے۔
- خالی جگہ میں لکھنے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے اور کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### خالی جگہ میں لکھیے

زارا مانو بال زارا

## پڑھیے لکھیے ...... (صفحہ ٦٩)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ لکھ سکیں۔
- 'و' کے دو حرفی ارکان کے مفرد حُروف 'ر' اور 'ل' سے ملا کر تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- مشق کا کام (کاپی)
- تجویز کردہ معاون کُتب


(i) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

(ii) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- نئے الفاظ: نرم، پسند کی پڑھائی کروائیے۔
- گنتی ۱ سے ۵ ہندسے فلیش کارڈز سے سکھائیے۔
- فلیش کارڈز سے 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھیے۔




- پڑھائی کروانے کے بعد چنبیلی کھلوا کر صفحہ ۶۹ صوتی طریقے سے پڑھائیے۔
- (تجویز) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۴ کی پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۶۹ تختۂ تحریر پر لکھ کر کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروائیے۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھوائیے۔ کالم بنا کر کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۲۷ کروائیے یا بطور گھر کا کام دے دیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے
کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## لفظ بنائیے
چور زور شور مور پول تول گول مول

# تین حرفی الفاظ (جانچ) ...... (صفحہ ۷۰)

## عمومی مقاصد
طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
فلیش کارڈز سے الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد
طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- 'و' کے تین حرفی الفاظ بنانے کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ کے حُروف الگ کرنے کی جانچ کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۰

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے پہلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔

- 'حُروف الگ کیجیے' کی جانچ کا کام کاپی میں کروائیے۔
- بچّوں کی جانچ کے نتائج نوٹ کیجیے تا کہ جن بچّوں کو مزید مشق اور توجّہ کی ضرورت ہے اُن کی مدد کی جا سکے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## لفظ بنائیے

گول   مور   کوٹ   نوک   چوٹ   زور

## الگ کیجیے

گول   گ   و   ل   نوک   ن   و   ک   مور   م   و   ر

چوٹ   چ   و   ٹ   کوٹ   ک   و   ٹ   زور   ز   و   ر

# 'ا' اور 'و' کے تین حرفی الفاظ کی پہچان ...... (صفحہ ۷۱)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- مصوتے پہچان سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تین حرفی الفاظ میں مصوّتے پہچان سکیں۔
- دیے گئے معمّے میں 'و' کے تین حرفی الفاظ پہچان کر رنگ بھر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۱
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈ: ۱


### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے ذریعے اعادہ کروائیے۔
- صفحے کے پہلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کروائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر کچھ امثال بچّوں سے پوچھ کر لکھ کر سمجھائیے۔
- نیچے دی گئی جگہوں میں دیے گئے الفاظ میں موجود صرف مصوّتے لکھوائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۱ پر کام کروائیے۔

## حل شدہ مشق

رنگ بھریے

'و' کے الفاظ میں رنگ بھریے




پڑھیے لکھیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ناک | ا | کوٹ | و |
| نوک | و | کاٹ | ا |
| چار | ا | ڈار | ا |
| چور | و | ڈور | و |
| مور | و | ڈال | ا |
| مار | ا | ڈول | و |

## نظم 'آؤ کھیلیں' ...... (صفحہ ۷۲ تا ۷۳)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سیکھے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- دُہرائے جانے والے الفاظ پہچان کر پڑھنے کا اعتماد حاصل کرسکیں۔
- نظم کے آہنگ اور لَے سے متعارف ہوسکیں۔
- تاثرات اور حرکات وسکنات سے پڑھنا سیکھ کر نظم سے لُطف اُٹھا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دہرائے جانے والے الفاظ، ہم آواز الفاظ پہچان کر حرکات اور اشاروں سے نظمیں دہرا سکیں۔
- کھیل کی اہمیت پہچان کر کھیلوں میں حصہ لے سکیں۔
- توازن، پھرتی اور ربط کی حِس کی نشوونما کرسکیں۔

## مددگار مواد

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- اصلی اشیا گُڑیا، گیند، سائیکل
- تختۂ تحریر۔ رنگین پنسلیں
- چنبیلی صفحہ ۷۲ تا ۷۳

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- کتابیں کھلوا کر طلبہ کو تصویریں دیکھنے اور خود سے پڑھنے کی کوشش کرنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- نظم تاثرات اور حرکات وسکنات سے پڑھ کر سُنایئے۔
- بچّوں کے ساتھ دُہرایئے۔
- نوٹ: یہ نظم جماعت سے باہر لے جا کر گُڑیا، گیند اور سائیکل سے کھیلتے ہوئے زبانی پڑھایئے تاکہ آپ اور بچّے لُطف اُٹھا سکیں۔
- چنبیلی کے صفحہ ۷۳ پر دی گئی جگہ میں باغ / پارک میں جا کر بچّے کیا کرتے ہیں، اُن سے تصاویر بنوایئے۔ اُن کی بنائی تصاویر کی حوصلہ افزائی کیجیے اور پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ وہاں جا کر آپ کیا کرتے ہیں؟ نوٹ: بچّوں کی بنائی تصاویر بہت واضح نہیں ہوتی ہیں لیکن وہ جو بھی بنا رہے ہیں اُن کی حوصلہ افزائی اور acknowledgment ضروری ہے۔
- کاپی میں کام: الگ سے تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ہرا رنگ اور لفظ کی پہچان ...... (صفحہ ۷۴)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

## خصوصی مقاصد

- ہرے رنگ کی پہچان سکیں۔
- لفظ ہرا کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- دی گئی تصاویر میں سے ہرے رنگ کی تصاویر پہچان کر دائرہ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ہرے رنگ کی اصلی اشیا مثلاً پتّے، پنسل، کاغذ، ہرا طوطا
- فلیش کارڈ – لفظ ہرا
- چنبیلی صفحہ ۲۷


## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے لفظ ہرا کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- ہرے رنگ کا دن منائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروائیے۔


## حل شدہ مشق

### دائرہ بنائیے




### رنگ بھریے

لفظ ہَرا میں رنگ بھریے



## مختلف سرگرمیوں کی تجاویز

- پاکستان کے جھنڈے میں رنگ بھروانا / ہرے رنگ کے پتّوں کا کولاج / ہرے پینٹ سے ہاتھوں / انگلیوں کے پرنٹ کروانا۔ گھر لے جانے کے لیے ہرے طوطے کے کٹ آؤٹس دیے جا سکتے ہیں۔ اگر جھنڈے بنوائے ہوں تو وہ دیجیے۔

# بصری الفاظ کی پڑھائی ...... (صفحہ ۷۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- جُملے پڑھ کر دُرست لفظ پر دائرہ بنا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مکمل جملے پڑھ سکیں۔
- رنگوں کے نام سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۵
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی صفحہ ۷۵ پر دیے گئے جُملے لکھ کر پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر ہی سمجھایئے۔ ایک مثال واضح کیجیے۔
- طلبہ کو خود سے کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔ بعدازاں تختۂ تحریر پر خود دائرے بنا کر اُن سے اپنا کام خود P یا O کرنے کی ہدایت دے کر دُرستی کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر دیے گئے رنگوں کے نام تین تین بار خوش خط لکھوا کر تصاویر بنوایئے اور رنگ بھروایئے۔

- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۱۴ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

کتاب میں موجود جملے پڑھوایئے۔

### دائرہ بنایئے

پنسل | لال | بستہ | کالا اور ہرا

## ’ی‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ...... (صفحہ ۷۶)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ب‘ کے خاندان کے حُروف مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ کے خاندان کے حُروف کی ’ی‘ سے ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔
- کاپی میں ’ب‘ کے خاندان کے ’ی‘ سے مل کر بننے والے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۶
- چنبیلی صفحہ ۱۲۵ (ہدایات برائے اساتذہ)
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتب)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ متعارف کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'ا، و، ی، ے' کی آوازوں کا اعادہ (دُہرائی) کروائیے۔
- 'ا' کے ساتھ اور 'و' کے ساتھ ملانے کا اعادہ کروائیے۔

مثلاً :

| و | ا |
|---|---|
| ب و بو | ب ا با |
| ج و جو | ج ا جا |

- اب 'ی' کے ساتھ ملانا سکھایئے۔ بتایئے کہ 'ی' کے ساتھ ملتے ہوئے حُروف اپنی شکلیں بدلتے ہیں اور 'ی' بھی اپنا سر ہٹا دیتی ہے۔

مثلاً :

ب ی    بـ ی بی

ج ی    جـ ی جی




- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۶ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ی‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ...... (صفحہ ۷۷)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں ’ج‘ کے ’ی‘ سے مل کر بننے والے ارکان کی خوش خطی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ج‘ کے خاندان کو مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ج‘ کے خاندان کی ’ی‘ کے ساتھ ملنے والی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۷
- کاپی
- خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بناکر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بناکر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۴ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ی‘ سے ملانا (شرارتی حُروف) ...... (صفحہ ۷۸)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے دیا گیا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- شرارتی حُروف د ڈ ذ ر ڑ ز ژ کو ’ی‘ سے ملا کر دو حرفی ارکان بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- شرارتی حُروف کی پُتلیاں (جو پہلے بھی استعمال کی جا چکی ہیں)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۷۸
- کاپی
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد شرارتی حُروف کی پُتلیوں کے ذریعے دلچسپ انداز میں ان کی خصوصیت کا ذکر کرتے ہوئے تختۂ تحریر پر دو حرفی ارکان لکھ کر پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ ۷۸ پر کام کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنوا کر تین تین بار خوش خط لکھوائیے۔

- (تجویز) مزید مشق کے لیے اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۵ پر کام کروائیے یا گھر کے کام میں دیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# صاف رہو ۔ صاف رکھو ...... (صفحہ ۷۹)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صاف رہنے اور اپنا ماحول صاف رکھنے کے بارے میں جان سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ماحولیاتی شعور حاصل کرسکیں۔
- کہانی میں لکھے گئے بصری اور صوتی ذخیرۂ الفاظ پر مبنی الفاظ خود پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (کہانی کا ذخیرۂ الفاظ)
- چنبیلی صفحہ ۷۹
- چنبیلی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۳۲

### پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- چنبیلی کا صفحہ ۷۹ بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔تصویر کے بارے میں باری باری سوالات کیجیے۔کون کون نظر آرہا ہے؟ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟ یہ کہاں کا منظر ہے؟ آپ کے خیال میں یہ سب لوگ یہاں کیوں آئے ہیں؟
- مشاہداتی سوالات کے بعد طلبہ و طالبات کو چنبیلی صفحہ ۱۳۲ سے کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سُنائیے۔ کچھ طلبہ و طالبات سے آپ اپنی سُنائی کہانی دُہرانے کے لیے کہیے۔ کہانی کے زبانی سوالات اسی صفحے ۱۳۳ سے پڑھ کر کیجیے۔ اس طرح اس کہانی کا مرکزی خیال واضح کیجیے۔
- کاپی میں کام: دیا گیا کام کاپی میں کروائیے۔ دی گئی سرگرمی کروائیے۔

# حل شدہ مشق

## دیکھیے سنیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# 'ی' سے ملانا (ج کا خاندان) ...... (صفحہ ۸۰)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں 'س ش، ص ض، ط ظ' کومصوّتے 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگارمواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۰
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بناکر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- نوٹ : شوشوں کی گنتی کا خیال رکھیے 'ی' کے ساتھ ملتے ہوئے 'س' اور 'ش' کا ایک ایک شوشا گر جاتا ہے۔تختۂ تحریر پر بڑا لکھ کر بنائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھاکر کروائیے۔

- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۶ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ی‘ سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ...... (صفحہ ۸۱)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں ع غ، ف ق، ک گ مصوّتے ’ی‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۱
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔

- بچّوں سے پہلی لان کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔ (یاد رکھیے ہر بار آپ کو تمام ہدایات دُہرانی ہوں گی کہ 'ی' نے اپنا سر ہٹا لیا...)
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھاکر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھاکر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بناکر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۷ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# 'ی' سے ملانا (ن م و ہ) ...... (صفحہ ۸۲)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- دیے گئے جُملے پڑھنے اور لکھنے کی مشق کرسکیں۔


### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ل، م، ن، ہ مصوّتے 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں ان دو حرفی ارکان کو تین تین بار خوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز ۔ لی، می، نی، ہی (دو حرفی) باجی، گاڑی، روٹی، کوٹی۔




- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۲
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کے ذریعے دو حرفی ارکان کا اعادہ کروانے کے بعد چار حرفی الفاظ کا تعارف کروایئے ۔ ایسی کئی مثالیں پڑھوایئے۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بناکر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
- طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- وضاحت کیجیے کہ ’ا‘ اور ’و‘ کے ساتھ ملتے ہوئے م نیچے سے اوپر مثلاً ما مو اور ’ی‘ کے ساتھ اوپر سے بنایا جاتا ہے مثلاً می۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختہ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کالم بناکر کام کروایئے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۸ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملایئے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پرعمل کیجیے۔

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پرعمل کیجیے۔

## الگ کیجیے ...... (صفحہ ۸۳)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔
- ملے ہوئے حُروف کی پہچان کرسکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ی‘ کے دو حرفی کے حُروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۳

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر سمجھا کر کام کروائیے۔
- نگرانی کیجیے کہ طلبہ دُرست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### الگ کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| جی ج ی | دی د ی | ری ر ی | سی س ی |
| صی ص ی | طی ط ی | غی غ ی | فی ف ی |
| کی ک ی | لی ل ی | می م ی | نی ن ی |
| ہی ہ ی | | | |

## ملائیے الگ کیجیے ...... (صفحہ ۸۴)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دو حرفی ارکان پہچان سکیں۔
- کاپی میں اسی نوعیت کی جانچ کا کام کرسکیں۔

# دوسری سہ ماہی

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ی' کے ساتھ دیے گئے حُروف ملا کر دو حرفی ارکان بنا سکیں۔
- 'ی' کے ساتھ بنے دو حرفی ارکان کے حُروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔ (جانچ)

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- کاپی
- چنبیلی صفحہ ۸۴

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- مصوّتے 'ی' کے ساتھ مل کر بنے دو حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ ملائیے کا کام سمجھائیے، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح صفحے کے زیریں حاشیے میں دیے گئے دو حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- کام کے دوران کچھ بچّوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔
- اُن طلبہ کے نام نوٹ کیجیے جن کو بہت زیادہ مشکل درپیش تھی۔ اُن بچّوں کی الگ سے وقت دے کر مدد کیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے

بی جی ڈی سی کی لی نی

### الگ کیجیے

پی پ ی  خی خ ی  ری ر ی  صی ص ی

طی ط ی  گی گ ی  می م ی

# سوچو جو یہ ہو (نظم) ...... (صفحہ ۸۵ تا ۸۶)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ نظم کی صنف سے آگاہ ہو کر لطف اُٹھا سکیں۔
- نظم سُن کر دُہرا سکیں۔
- زبانی سوالات کے جوابات سوچ کر دے سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- تخیل کی وسعت، حاضر دماغی اور مزاح سے لُطف اندوز ہونے کی صلاحیتوں کی نشوونما کر سکیں۔
- نظم کا عنوان خود پڑھ اور لکھ سکیں۔
- اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز بصری ذخیرۂ الفاظ
- چنبیلی صفحہ ۸۵ تا ۸۶
- چنبیلی صفحہ ۱۳۳ ہدایات برائے اساتذہ

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے منتخب الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ و طالبات کو چنبیلی کے صفحات دیکھنے کا موقع اور وقت دیجیے۔
- صفحہ ۸۵ کے زیریں حاشیے میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دیا گیا کاپی کا کام کروائیے۔
- خود بھی مزا لیجیے اور بچّوں کی out of the box سوچنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیجیے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے ...... (صفحہ ۸۷)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کاپی میں کام کرسکیں۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی جُملے پڑھ سکیں۔
- کاپی میں جُملے بنانے کا کام کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان سے 'ی' کے دو حرفی ارکان ملاکر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۷
- تجویز کردہ معاون کُتب

(i) قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل

(ii) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم


## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار


- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھوایئے۔ 'ا' کے دو حرفی الفاظ کے کارڈز ساتھ رکھ کر پڑھوایئے۔

مثلاً: | با | جی | | با | لی |

- یہی کام تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروایئے۔



- (تجویز) طلبہ سے اس طرح کے الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد قاعدہ 'پڑھیے اور سیکھیے' حصّہ اوّل صفحہ ۴۶ تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّہ کا کام لکھیے۔ پڑھوائیے اور کتاب میں کام کروائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام بھی اسی طرح کروائیے۔
- کاپی میں بھی یہی الفاظ لکھوا کر مشق کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۳۹ پر کام کروائیے۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ ان ہی فلیش کارڈز کو تختۂ تحریر پر چسپاں کرکے یا طلبہ کے ہاتھوں میں پکڑا کر جُملے بنا کر پڑھوائیے۔




- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا صفحہ بنا کر پڑھوائیے۔ بچّوں سے بے ترتیب الفاظ دُرست کرکے جُملے پڑھوائیے۔
- کاپی میں کام سمجھا کر کروائیے۔ جُملے بنانے میں بچّوں کو مدد درکار ہوگی۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۱ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# پڑھیے لکھیے (صفحہ ۸۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- جُملے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'و' کے دو حرفی ارکان ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۸


## پیریڈز: ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے ذخیرہ الفاظ اور 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھوائیے۔ 'و' کے دو حرفی الفاظ کے کارڈز ساتھ رکھ کر پڑھوائیے۔




- یہی کام تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروائیے۔




- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۸۸ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام بنا کر تحریری کام کروائیے
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ ان ہی فلیش کارڈز کو تختۂ تحریر پر چسپاں کر کے یا طلبہ کے ہاتھوں میں پکڑا کر جُملے بنا کر پڑھوائیے۔




- صفحے کے نچلے حصّے کا کام سمجھا کر کروائیے اور جُملے لکھوائیے
- طلبہ کو اپنے ساتھ دری پر بیٹھنے کی ہدایت دیجیے۔ دری پر دو اور چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز رکھیے ان کو ترتیب دے کر ان سے جُملے بنائیے۔
- اب طلبہ سے اس طرح جُملے بنوائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## 'یہ' اور 'ہے' کے ساتھ جملے بنائیے۔

| الفاظ | موچی | پوتی | بوری | بوٹی | کوٹی |
|---|---|---|---|---|---|
| جملے | یہ موچی ہے۔ | یہ دادا کی پوتی ہے۔ | یہ بوری ہے۔ | یہ بوٹی ہے۔ | یہ کوٹی ہے۔ |

# صفحہ ۸۹

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چار حرفی الفاظ سازی کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'ا' اور 'و' کے چار حرفی الفاظ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۸۹

## پیریڈز :۲

## طریقۂ کار

- چار حرفی الفاظ کا اعادہ فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔(دادی، باجی، کوٹی بوٹی، ٹافی، بوری، موٹی)
- بچّوں کو دو حرفی ارکان پڑھوا کر، دونوں دو حرفی ارکان جوڑ کر پڑھوائیں۔ جیسے دا اور دا دادا، بو+ری= بوری وغیرہ
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ ملائیے کا کام سمجھائیے ، کروانے کے بعد دوسرا حصّہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروائیے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچّوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- معلّمہ ان بچّوں کے نام نوٹ کرلیں جن کو اضافی مدد کی ضرورت محسوس ہو ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کی نچلی جانب کام کام بنائیے۔
- ایک مثال واضح کیجیے اور طلبہ کو خود کام کرنے دیجیے تاکہ آپ دُرست اندازہ لگاسکیں کہ انھیں یہ کام کتنی حد تک سمجھ آ گیا ہے۔
- اُن طلبہ کے نام نوٹ کیجیے جنھیں آپ کی اضافی مدد کی ضرورت ہے۔ انھیں اضافی وقت فراہم کرکے ان کی صلاحیتوں کو جِلا بخشنے کی کوشش کیجیے۔

- طلبہ سے پوچھیے کہ آج کا کام کس کس کو آسان لگا؟ اور کس کس کو مشکل لگا؟ وجہ بھی بتائیے۔جن طلبہ کو کام آسان محسوس ہوا انھیں ان طلبہ کے ساتھ بٹھا کر مدد کرنے کی ہدایت دیجیے، جن کو کام مشکل محسوس ہو رہا ہو۔
- سب طلبہ کو شاباشی دیں اور سب کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## لفظ بنائیے

دادی روتی موچی

## الگ کیجیے۔

دادی د ا د ی باجی ب ا ج ی کوٹی ک و ٹ ی ٹافی ٹ ا ف ی
بوٹی ب و ٹ ی

## لفظ بنائیے

تالی جالی کالی مالی پوتی روتی سوتی موتی

# تفہیم: اپنی باری لو ........ (صفحہ ۹۰)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- تصاویر بغور دیکھ کر اُن کے بارے میں گفتگو کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نظم و ضبط کی اہمیت پہچان سکیں۔
- دیکھی گئی تصویروں کے رول پلے (ڈراما) کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- کمرۂ جماعت اور کمرۂ جماعت سے باہر کی جگہ مثلاً راہداری ، باغ ، کھیل کا میدان
- چنبیلی صفحہ ۹۰

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۹۰ دیکھنے کا وقت اور موقع دیجیے۔
- تصاویر کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے۔
- نظم و ضبط سے کھیل اور کام کرنا کیوں ضروری ہے؟ سوالات کے ذریعے ہی سمجھائیے۔ قطار میں چلنے سے سب کی آرام سے باری آ سکتی ہے ورنہ دھکم پیل سے کسی کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ جماعت میں سب کے ایک ساتھ بولنے سے شور ہوتا ہے اور کسی کی بات بھی سمجھ نہیں آتی۔
- جماعت میں اور جماعت سے باہر رول پلے کروائیے۔
- قطار بنا کر چلنے اور باری باری ہاتھ اُٹھاکر بات کرنے پر تمام طلبہ و طالبات کو اسٹار دیجیے۔

# تفہیم ...... (صفحہ ۹۱)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بغور مشاہدہ کرکے چیزوں کی ترتیب کا اندازہ لگا سکیں۔
- دیے گئے جُملے پڑھ سکیں اور دی گئی سرگرمی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دی گئی تصاویر میں ترتیب پہچان کر اگلی تصویر چُن کر دائرہ بنا سکیں۔
- اشیا میں موازنہ، فرق اور مشابہت تلاش کرسکیں۔مختلف اشیا کی گروہ بندی کرسکیں۔
- نمونوں کی ترتیب کی پہچان کرکے دائرہ بناسکیں۔
- بصری الفاظ کی شناخت کرتے ہوئے ٹریف کے اشاروں کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد




- فلیش کارڈز (تصویری اور دیے گئے الفاظ)
- تختۂ تحریر
- گتّے / کارڈ بورڈ کا سگنل ، رنگین کاغذ
- کارڈ بورڈ سے بنی گاڑیاں
- چنبیلی صفحہ ۹۱
- معاون کتاب 'تارے' (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّے کا کام بنا کر سمجھائیے۔
- بچّوں کو خود کام کرنے میں مدد دیجیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کے جُملے باری باری پڑھوائیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- فلیش کارڈز سے بتّی ہری پیلی پڑھوائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ۹۱ پڑھوائیے اور ٹریفک کے بارے میں سمجھائیے ، قانون توڑنے سے کیا نقصان ہوتا ہے سمجھائیے۔




- بچّوں کو جھوٹ موٹ گاڑیاں بنائیے ، جماعت میں گتّے کا سگنل بنا کر رکھیے۔
- بچّے گاڑیوں کی طرح چلیں۔ آپ سگنل کی لال بتّی کی طرف اشارہ کریں تو وہ رُک جائیں پیلی کی طرف اشارہ کریں تو وہ تیار رہیں اور ہری پر چلنا شروع کریں۔
- نوٹ : نظم و ضبط کا خیال رکھتے ہوئے یہ ڈرامے کی طرح کروائیے۔
- (تجویز) معاون کتاب 'تارے' صفحہ ۳۰ تا ۳۱ کی پڑھائی اور سرگرمیاں کروائیے۔
- اُوپر دیے گئے خاکوں میں رنگ بھر کر گتوں پر چپکائیے۔ بچّوں کے گروپس بنا کر اُن سے یہ باری باری بورڈ پر چپکانے یا میز / دری پر رکھنے کی سرگرمی کروائیے۔ یہ سرگرمی اُن کی ترتیبی مہارت (Sequencing Skill) کی نشونما کے لیے ہے۔

### حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# اُردُو گنتی ...... (صفحہ ۹۲)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردُو گنتی ایک سے پانچ تک پہچان سکیں۔
- اُردُو گنتی ایک سے پانچ تک ہندسوں اور الفاظ پر پنسل پھیر سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُردو گنتی (۱ سے ۵ ہندسوں اور الفاظ) سے متعارف ہوسکیں۔
- گنتی اور اس کی قدر سے آگاہ ہوسکیں۔



## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ، اُردو گنتی ۔ ایک سے پانچ ہندسے اور الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۲

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- جماعت میں موجود اشیا رکھ کر اُن کے ساتھ گنتی کے کارڈز رکھیے۔

مثلاً : ایک  دو  تین 

- صفحے پر دیے گئے کام کو تختۂ تحریر پر کر کے سمجھائیے پھر طلبہ سے کتاب میں کروائیے۔
- صفحے پر گنتی سے تصویری خانے ملانے کا کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔


## حل شدہ مشق


### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

### ملائیے

ایک ۱ دو ۲ تین ۳ چار ۴ پانچ ۵





# ’ے‘ سے ملانا (ب کا خاندان) ...... (صفحہ ۹۳)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ب‘ کے خاندان کو بنیادی مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- سکھائے گئے مصوّتوں ’ا و ی‘ اور اب ’ے‘ کے ساتھ ملنے والی ’ب‘ کے خاندان کی اشکال کا فرق پہچان سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ے‘ کے دو حرفی ارکان)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۳ اور صفحہ ۱۲۵ (ہدایات برائے اساتذہ)
- تجویز کردہ معاون کُتب
  (i) قاعدہ ’پڑھیے اور سیکھیے‘ حصّہ اوّل
  (ii) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بناکر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔
- بچّوں سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوایئے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروایئے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوایئے۔
- ’ے‘ سے ملانے کا طریقہ چنبیلی کی ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۱۲۵ سے دیکھیے۔
- نوٹ : خیال رکھیے کہ بچّے ے کی گولائی میں مڑنے کی بناوٹ کا خیال رکھیں۔ ے نوک نہ بنائیں۔
- کہانیاں دُہرایئے کہ ’ا‘ سے ملتے ہوئے ’ب‘ کے خاندان نے کیسی شکل بنائی تھی ’و‘ سے ملتے ہوئے سیڑھی لگاکر۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- کون سی شکل اُوپر گئی تھی۔ اسی طرح ’ی‘ سے ملتے ہوئے کیا شکلیں بنی تھیں اور اب ’ب‘ کا خاندان ’ے‘ سے کیسے مل رہا ہے۔

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔ حل شدہ صفحے کا آخری حصّہ لگائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۴ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# ’ے‘ سے ملانا (ج کا خاندان) ...... (صفحہ ۹۴)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ج‘ کا خاندان بنیادی مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ’ج‘ کے خاندان کی باقی تینوں مصوّتوں سے ملنے والی اشکال کا اعادہ کرتے ہوئے چاروں مصوّتوں سے دُرست چھوٹی اشکال ملاسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقہ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دیکھیے کہ بچّے انگلش کے حرف Z کی شکل نہ بنائیں بلکہ ’ے‘ کا کونا گول بنائیں۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔

- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۵ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# 'ے' سے ملانا (شرارتی حُروف) ...... (صفحہ ۹۵)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'د' سے 'ژ' (شرارتی حُروف) مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں دیا گیا کام کرسکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- شرارتی حروف کے اپنے بعد آنے والے حروف سے نہ ملنے کی خصوصیات کا اعادہ اورمشق کرسکیں تاکہ دُرست الفاظ سازی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۵
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پرحُروف کے کردار بناکر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی ہدایت پرعمل کیجیے۔ شرارتی حُروف کی پتلیاں استعمال کرتے ہوئے یاد دہانی کرائیے کہ یہ حُروف الگ ہی لکھے جائیں گے۔ طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔

- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۶ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# بلّی اور چُوہا ...... (صفحہ ۹۶ تا ۹۷)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نظم سے لطف اندوز ہوسکیں۔
- ہم آواز الفاظ سے پیدا ہونے والے آہنگ کو محسوس کر کے لطف اندوز ہوسکیں۔
- سکھائے گئے دو حرفی ، چار حرفی اور ذخیرۂ الفاظ پر مبنی نظم پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اُوپر نیچے ، اندر باہر ، آگے پیچھے کے معنی جان سکیں۔
- زبانی اور مناسب اشاروں سے نظم میں شریک ہوکر اپنا ردِ عمل ظاہر کرسکیں۔
- نظم کی تمثیل میں دونوں کرداروں کو پہچان کر ان کی خود اعتمادی کے ساتھ جماعت کے سامنے نقل/ اداکاری کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ)
- A4 سائز کا کاغذ یا کاپی
- چنبیلی صفحہ ۱۳۳ ہدایات برائے اساتذہ

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- چنبیلی سے نظم پڑھوایئے۔ چند الفاظ کے سوا تمام نظم خود پڑھ سکیں گے۔
- نوٹ: یہ نظم مشہور کہاوت ''بخشو بی بلّی چُوہا لنڈورا ہی بھلا'' کے مرکزی خیال پر مبنی ہے۔ کسی کی باتوں میں نہ آنے کے بارے میں بات کیجیے۔
- زبانی گفتگو سے واضح کیجیے کہ اس نظم میں کیا ہو رہا ہے۔ بلّی ، چُوہے کے پیچھے کیوں لگی ہے؟ (وہ اسے تنگ کر رہا تھا) ، وہ نیچے تھی تو چُوہا کہاں تھا؟ چُوہا آگے تھا اور بلّی؟، چُوہا اندر تھا اور بلّی؟، چُوہے کی دُم بلّی کے مُنھ میں کیسے آئی؟ (وہ اسے کھانا چاہ رہی تھی لیکن وہ بھاگ کے بل میں چلا گیا)، چُوہے کے گھر میں نہیں جا سکتی تھی اس لیے اسے بلا رہی تھی ، چُوہا اپنی دُم کیوں واپس نہیں لے رہا تھا؟ (اس لیے کہ وہ دُم لینے باہر نکلتا تو بلّی اسے کھا جاتی)۔
- اس صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی ہدایت کے مطابق اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنوایئے اور رول پلے کروایئے۔

# 'ے' سے ملانا (س ش ص ض ط ظ) ...... (صفحہ ۹۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں 'س ش' 'ص ض' 'ط ظ' کو مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- کاپی میں 'ے' کے ساتھ اِن جوڑوں کے دو حرفی ارکان خوش خط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۸
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنایئے۔

اسی طرح کی کہانی جیسے 'ج' کے خاندان کے ساتھ سُنائی گئی تھی۔

- طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۷ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## 'ے' سے ملانا (ع غ ف ق ک گ) ...... (صفحہ ۹۹)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- حُروف کے جوڑوں ع غ ، ف ق ، ک گ مصوّتے 'ے' سے ملانا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۹۹
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ا

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اورسلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۸۴ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

## ’ے‘ سے ملانا (ل م ن و ہ) ...... (صفحہ ۱۰۰)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- کاپی میں خوش خط لکھ سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ل ، م ، ن ، ہ ، مصوّتے ’ے‘ سے ملانا سیکھ سکیں۔
- مصوّتے ’ے‘ سے ملنے والی حُروف کی چھوٹی اشکال مکمل حُروف سے ملاسکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (’ے‘ کے چار حرفی الفاظ)

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۰
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر حُروف کے کردار بنا کر صفحے کے زیریں حاشیے (foot note) میں دی گئی کہانی سُنائیے۔
- طلبہ سے پہلی لائن کا کام ہوا میں بنوائیے۔ضرورت ہو تو ریت اور سلیٹ پر دُرست بناوٹ کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔ دی گئی رنگین لکیروں پر لکھوائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی الفاظ 'ے' کے ساتھ رکھ کر چار حرفی بنانا سکھائیں۔

با　جے　تا　رے　مو　زے　بو　لے

- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر کام کروائیے۔
- (تجویز) اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۴۱ پر کام کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے اور لکھیے

کتاب میں موجود ہدایات پر عمل کیجیے۔

# ے کے دو حرفی ارکان۔ الگ کیجیے ...... (صفحہ ۱۰۱)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کاپی میں بھی منتخب ارکان کے حُروف الگ کر کے لکھ سکیں۔

# تیسری سہ ماہی

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ے' کے ساتھ ملاکر بنائے گئے دو حرفی ارکان کے حُروف کی پہچان کرکے الگ الگ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز ('ا' اور 'و' کے ساتھ مل کر بننے والے چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۱
- کاپی

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کے صفحے کے دائیں جانب کا حصّہ تختۂ تحریر پر بنائیے۔
- ایک مثال سمجھائیے۔ طلبہ سے پوچھ پوچھ کر باقی ارکان کے حُروف بھی الگ کرکے لکھیے۔
- پھر ایک مثال رہنے دیجیے باقی مٹا دیجیے۔
- طلبہ کی انفرادی طور پر حوصلہ افزائی اور مدد کرتے ہوئے کام کروائیے۔
- اسی طرح صفحے کے دوسرے حصّے کا کام کروائیے۔
- کاپی میں کام الگ سے سمجھا کر کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### الگ کیجیے

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے | ب | ے | جے | ج | ے | ڈے | ڈ | ے | زے | ز | ے |
| سے | س | ے | صے | ص | ے | طے | ط | ے | عے | ع | ے |
| فے | ف | ے | گے | گ | ے | لے | ل | ے | مے | م | ے |
| نے | ن | ے | ہے | ہ | ے | تے | ت | ے | چے | چ | ے |
| ذے | ذ | ے | ظے | ظ | ے | نے | ن | ے | | | |

# ملائیے الگ کیجیے ...... (صفحہ ۱۰۲)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'لے' کے دو حرفی ارکان میں حروفِ تہجّی کی چھوٹی اشکال کی پہچان کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتے 'ے' کے دو حرفی ارکان بنانے کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔
- بنیادی مصوّتے 'ے' کے دو حرفی ارکان کے حُروف الگ کرنے کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۲

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- پہلے صفحے کے دائیں جانب کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھائیے۔
- ایک مثال دیجیے اور پھر طلبہ کو خود کام کرنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- اسی طرح صفحے کے بائیں جانب کا حُروف الگ کرنے کا کام کروائیے۔
- کاپی میں بھی اسی نوعیت کے کام کی جانچ لیجیے۔صفحہ ۱۰۲ کے زیریں حاشیے (foot note) میں دیے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھا کر کام کروائیے۔
- نوٹ : طلبہ کی جانچ کے لیے اِملا بھی لیجیے۔ اِملا کے لیے چند حُروف اور چند دو حرفی ارکان منتخب کیجیے۔ اِملا کے بعد تختۂ تحریر پر دُرست لکھ کر دکھائیے اور بچّوں سے خود اصلاح کروائیے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

# حل شدہ مشق

## ملایئے

ٹے ج دے سے طے کے لے نے بے زے قے

## الگ کیجیے

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے | ب | ے | چے | چ | ے | رے | ر | ے | صے | ص | ے |
| غے | غ | ے | فے | ف | ے | مے | م | ے | ہے | ہ | ے |
| پے | پ | ے | ڈے | ڈ | ے | کے | ک | ے | لے | ل | ے |

# ا و ی ...... (صفحہ ۱۰۳ تا ۱۰۴)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- بنیادی مصوّتوں کے ساتھ دو حرفی ارکان بنا سکیں۔
- حروف کی آدھی شکل خود سے لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

- طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

چاروں مصوتوں ’ ا و ی ے‘ کے دو حرفی ارکان بناسکیں۔

## مددگارمواد

- فلیش کارڈز ، چار حرفی الفاظ (باجا ، بانو ، طوطا ، باجی ، موتی ، باجے ، موزے)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۳، ۱۰۴
- اُردو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تمام مصوّتوں (ا و ی ے) کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ چاروں مصوّتوں کے دو حرفی الفاظ کے منتخب الفاظ تختۂ تحریر پر لکھنا سکھایئے۔

- چنبیلی کے صفحات پر کام کروایئے۔
- کاپی میں کام الگ سے سمجھا کر کروایئے۔
- (تجویز) اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۵۱ تا ۵۳ پر کام کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

جے جو جی جے، دا دو دی دے، زا زو زی زے، سا سو سی سے، صا صو صی صے، طا طو طی طے

## اِملا کی مشق

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چاروں مصوّتوں کے دو حرفی الفاظ سُن کر لکھ سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اِملا لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- اِملا کرنے کا طریقہ کار بتایئے۔ کاپی میں اِملا لیجیے۔ دو کالم بنوا لیجیے۔

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |

با ، چا ، وا ، سا ، کا ، تو ، خو ، رو ، کو ، تی ، چی ، دی ، فی ، بے ، دے ، سے ، کے۔

- ث بچّوں کے کام کی تصحیح ان ہی سے کروائیے آپ تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ لکھیں بچّے دیکھ کر دُرست پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان بنائیں۔

# ے کے ساتھ دو حرفی ارکان۔ جملہ سازی ...... (صفحہ ۱۰۵۔۱۰۶)

## عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ا‘ کے چار حرفی الفاظ کے جُملے پڑھ سکیں۔
- دیے گئے جُملے لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- ’ا‘ اور ’و‘ کے دو حرفی ارکان سے ’ے‘ کے دو حرفی ارکان ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔


## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۵ اور ۱۰۶

## پیریڈز: ۴

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ کے ہاتھوں میں دو حرفی ارکان دے کر کھڑا کیجیے اور الفاظ پڑھوائیے۔




نوٹ : زیادہ سے زیادہ بچّوں کی شمولیت یقینی بنائیے۔


- فلیش کارڈز سے 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان 'ے' کے دو حرفی ارکان کے ساتھ رکھ کر مکمل الفاظ پڑھوائیے۔

مثلاً : | تا | رے |   | با | جے |   | رو | تے |   | کو | نے |

درج ذیل ارکان اور ان سے بننے والے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر بلند خوانی کروائیے۔




- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کے حصّے کا کام لکھیے ، پڑھوائیے اور کتاب میں کام کروائیے۔
- صفحے کے نچلے حصّے کا کام کروائیے۔ جُملے پہلے پڑھوائیے اور پھر لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- صفحہ ۱۰۵ اور ۱۰۶ دونوں کا کام اسی طرح سے کروائیے۔
- بے ترتیب کھڑا کیجیے اور طلبہ سے پوچھ کر ترتیب دُرست کروائیے۔




- یہی کام میز پر کارڈز رکھ کر ، زمین (دری/قالین) پر بٹھا کر کروائیے۔ اس طرح طلبہ دو حرفی ارکان سے الفاظ بنانا اور الفاظ سے جُملے تخلیق کرنا سیکھیں گے۔




- طلبہ کو تین تین کے گروہ میں دری/ قالین/ زمین یا میز پر بیٹھا کر دو حرفی ارکان سے چار حرفی ارکان بنانا سکھائیں۔ نیز پڑھ کر دُرست ترتیب کے ساتھ جُملے بنانا سکھائیں۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروائیے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

کتاب میں موجود ہدایت پر عمل کیجیے۔

# واحد جمع ...... (صفحہ ۱۰۷۔۱۰۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- نظم خود پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- الفاظ کو واحد اور جمع کے صیغے میں استعمال کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۰۷ ، ۱۰۸

## پیریڈز: ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ سے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔ بچّوں سے درج ذیل الفاظ کے معنی پوچھیے تاکہ مذکورہ الفاظ بچّوں کے ذخیرہ الفاظ میں شامل ہوسکیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تارا | تارے | تالا | تالے | جالا | جالے | باجا | باجے |
| موزا | موزے | طوطا | طوطے | جوڑا | جوڑے | کونا | کونے |

- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۱۰۷ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ ایک تارا ☆واحد ہے اور تارے ☆ ☆جمع ہے۔ اسی طرح جماعت کی مختلف چیزوں کی مثالیں دیجیے۔ایک بچّہ جماعت کے سامنے بلائیں اور دوسرے بچّوں کو بتائیں کہ یہ ایک بچّہ ہے۔ پھر دو بچّوں کو بلائیں اور بچّوں سے پوچھیں کہ یہ کتنے بچّے ہیں؟

یہ ایک بچّہ ہے۔ وہ دو بچّے ہیں۔

یہ ایک طوطا ہے۔ وہ دو طوطے ہیں۔

- چنبیلی صفحہ ۱۰۷ کا کام کروایئے۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ ۱۰۸ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔

- چنبیلی صفحہ ۱۰۸ کی خاموش پڑھائی کی ہدایت دیں۔
- پانچ منٹ کے بعد بچّوں سے ایک ایک مصرع پڑھوایئے۔ آپ خود پڑھ کر سُنایئے تاکہ جن بچّوں کو مشکل ہو رہی ہو وہ سُن کر سیکھ سکیں۔
- سوال پوچھیے مانو کس کے پاس ہے؟ مانو کس کے پاس روتی ہے؟ زارا کی بلی کس کی گود میں سوتی ہے؟ اگر آپ مانو ہوتے تو آپ کی سب سے زیادہ کس سے دوستی ہوتی؟ اگر آپ کے پاس مانو ہوتی تو آپ اس کا خیال کیسے رکھتے؟
- طلبہ سے پوچھیے کہ ان کو نظم 'زارا کی مانو' کیسی لگی؟ (پسندیدگی یا ناپسندیدگی کی وجہ بھی پوچھیے کہ 'اچّھی کیوں لگی؟' 'اچّھی کیوں نہیں لگی؟'
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

تارے تالے جالے باجے موزے طوطے جوڑے

## 'ا' اور 'و' کے دو حرفی ارکان (جانچ)...... (صفحہ ۱۰۹)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دیا گیا کاپی کا کام کرسکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- دیے گئے چار حرفی بے ترتیب الفاظ کو دُرست کر کے جُملے لکھ سکیں۔


### مددگار مواد

- فلیش کارڈز 'وے' کے چار حرفی الفاظ۔مثلاً بولے ، طوطے
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۱
- کاپی
- اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم (تجویز کردہ معاون کتاب)


### پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ کے ہاتھوں میں دو حرفی ارکان دے کر کھڑا کیجیے اور الفاظ پڑھوایئے۔




- بعد ازاں مزید بچّے کھڑے کیجیے اور جُملے پڑھوایئے۔




- بے ترتیب کھڑا کیجیے پھر ترتیب دُرست کروایئے۔
- یہی کام طلبہ کو دری / قالین / زمین پر بٹھا کر کارڈز رکھ کر کروایا جا سکتا ہے۔ اس طرح میز پر بھی کارڈ رکھواکر دو حرفی سے چارحرفی اور چارحرفی سے جُملے بنانے اور بنائے گئے جُملے پڑھنے کا کام کروایئے۔
- چنبیلی صفحہ ۱۰۹ پر کام کروایئے۔
- (تجویز) کاپی میں کام کروایئے۔ مزید مشق اُردُو خوش خطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ ۵۰ پر کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### لفظ بنایئے

تارے طوطے روکے

### الگ کیجیے

باجے ب ا ج ے تالے ت ا ل ے تارے ت ا ر ے

روکے ر و ک ے طوطے ط و ط ے سوتے س و ت ے

### رنگ بھریے

'ے' کے الفاظ میں رنگ بھریے



## حروف الگ کیجیے

پالے پ ا ل ے    جالے ج ا ل ے    مارے م ا ر ے
ناچے ن ا چ ے    سوچے س و چ ے    جوڑے ج و ڑ ے
سونے س و ن ے

# مصوّتوں کی پہچان (جانچ) ...... (صفحہ ۱۱۰)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- سکھائے گئے چاروں مصوّتوں کے چار حرفی الفاظ میں مصوّتوں کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۰

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- مصوتوں کا اعادہ کروایئے۔ 'ا و ی ے' کے فلیش کارڈز دکھایئے۔ اور دو حرفی ارکان سے چار حرفی الفاظ بنانے کے لیے فلیش کارڈز تیار کریں بچّوں کو دو حرفی ارکان سے چار حرفی بنانے کی مشق کروایئے۔

| با | با | بابا |
| --- | --- | --- |

- بچّوں سے پوچھیے کہ اس میں مصوتے کون سے ہیں (ا ا) ۔ اسی طرح سوچو لفظ میں موجود مصوتوں کے بارے میں پوچھیے لفظ سوچ تختہ پر بڑا سا لکھ دیں اور اس کے نیچے لکیر لگادیں۔ اس لکیر پر مصوتے لکھیے ( و و )۔
- خالی جگہ میں لکھنے کا کام کروانے سے پہلے فلیش کارڈز کی مدد سے 'یہ۔ وہ' ہے، ہیں ابو، امّی پڑھایئے۔ کچھ جملے تختۂ تحریر پر لکھ دیں۔جن میں مذکورہ بالا الفاظ کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

مثال وہ تالا ______ ۔    ______ لڑکا ہے۔    وہ ______ ہیں۔    وہ ابو ______ ۔

- تختۂ تحریر پر صفحے کے اوپر کی جانب دیا گیا کام لکھ کر اور مثالیں دے کر سمجھا کر کروایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے نیچے دیا گیا کام لکھ کر اور ایک مثال دے کر سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں کام الگ سمجھا کر کروایئے۔
- طلبہ کی جانچ کے ان کاموں کے دوران آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ کن طلبہ کو کن نظریات کی مزید مشق کی ضرورت ہے۔ اپنے پاس نوٹ کر لیجیے۔ وقت نکال کر اُنھیں الگ سے ان کے نام کی مشق کروایئے۔
- صفحے کی نچلی جانب دیا گیا تمام کام کاپی پر کروایئے۔ وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر سے کام مکمل کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے لکھیے

ا ا، و و، ای، اے، او، ای، وے، وو، ای، ا ا، او، اے

### خالی جگہ میں لکھیے

(i) یہ (ii) ہے (iii) ہیں (iv) ابو (v) میں

## مرکب حروف ( بھ، پھ، تھ، ٹھ) ...... (صفحہ ۱۱۱)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- کھوکھلے حُروف میں ہدایت کے مطابق دُرست سمت میں پنسل پھیرنے کے ذریعے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ مرکّب حُروف تہجّی کی (بھاری آوازیں) آوازوں اور ناموں کی پہچان کر کے دُرست ادائی کر سکیں۔
- مرکّب حُروف تہجّی کی لکھائی کر سکیں۔


### مددگار مواد

- ہر طالبِ علم کے لیے ایک کاغذ (A4 سائز کاغذوں کے دو برابر کے ٹکڑے کر کے ہر طالبِ علم کو ایک ایک کاغذ دیجیے)
- چنبیلی صفحہ ۱۱۱
- بھ، پھ، تھ، ٹھ سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا/کھلونے یا تصاویر (صفحے پر موجود تصاویر سے مدد لیجیے)
- تختۂ تحریر

## پیریڈز:۲

## طریقۂ کار

- پچھلی جماعت میں پڑھائے گئے مرکب حُروف پڑھوایئے پھر طلبہ سے تختۂ تحریر پر حرف 'ب' لکھ کر اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ بتایئے کہ 'بے' جیم کی آواز ہلکی ہے۔ اگر ہم یہاں اسے سے کچھ ملتا جلتا ایک نیا حُروف لکھ دیں تو اس کی آواز بدلی ہوئی ہوگی۔ 'بھ' لکھیے۔ بتایئے کہ اس کا نام 'بھے' ہے اور آواز 'بھ' ہے۔
- ہر طالبِ علم کے ہاتھ میں سادہ کاغذ دیجیے اپنے منھ کے سامنے رکھ کر طلبہ کو آپ کی نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اب 'ب' کی آواز نکالیے۔ پھر 'بھ' بول کر دکھایئے۔ طلبہ کو بھی یہی کرنے کی ہدایت دیجیے۔ بتایئے کہ صرف 'ب' پر کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) نہیں ہوتی جبکہ 'بھ' دُرست تلفّظ سے ادا کرنے سے کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حرف منھ میں ہوا بھر کر ادا کیا جاتا ہے۔ اسی سرگرمی کو دہراتے ہوئے 'پ' اور 'پھ' 'ت' اور 'تھ' ، 'ٹھ' اور 'ٹھ' کی آوازیں بھی کاغذ منھ کے سامنے رکھتے ہوئے ہی ادا کیجیے۔ بھ، پھ اور تھ کی ادائی کے وقت ہونے والی کاغذ لرزش کی طرف توجّہ دلاتے ہوئے طلبہ سے بھی دُرست ادائی کی مشق کرواتے رہیے۔
- آوازوں کو ادا کرنے کی مشق کروانے کے بعد چنبیلی کا صفحہ ۱۱۱ کھلوا کر دیے گئے حُروف کے نام اور ان کی دُرست آوازیں سکھایئے۔ نام : بھے، پھے، تھے، ٹھے۔
- آوازیں جھ، چھ، دھ، ڈھ سکھایئے۔
- صفحے پر موجود تصاویر دکھاتے ہوئے اُن کے نام پڑھ کر بتایئے۔ (طلبہ سے ان لکھے ہوئے الفاظ کی پڑھائی نہیں کروائی جائے گی)۔
- دیے گئے ذخیرۂ الفاظ کے علاوہ بھی الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔
- حُروف کے ناموں اور آوازوں کی اچھی طرح پہچان کروانے کے بعد تختۂ تحریر پر بڑے ڈھ لکھ کر دکھایئے۔ طلبہ سے ہوا میں بنوایئے۔ باری باری تختۂ تحریر پر بڑے لکھے حرف پر رنگین چاک پھروایئے۔ خیال رہے کہ حرف طلبہ کے قد کے مطابق ہوں تاکہ انھیں لکھنے میں آسان ہو۔




- کتاب کے صفحے پر دیے گئے حُروف میں رنگین پنسلوں سے تین تین بار لکھوایئے۔ دُرست بناوٹ کے لیے طلبہ کو مشق کروایئے۔
- طلبہ سے پوچھیے کہ آج ہم نے کیا سیکھا؟ مختصر ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔

# مرکب حروف (جھ، چھ، دھ، ڈھ) ...... (صفحہ ۱۱۲)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- کھوکھلے حُروف میں ہدایت کے مطابق دُرست سمت میں پنسل پھیرنے کے ذریعے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ مرکّب حُروف تہجّی کی (بھاری آوازیں) آوازوں اور ناموں کی پہچان کر کے دُرست ادائی کرسکیں۔
- مرکّب حُروف تہجّی کی لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- ہر طالبِ علم کے لیے ایک کاغذ (A4 سائز کاغذوں کے دو برابر کے ٹکڑے کرکے ہر طالب علم کو ایک ایک کاغذ دیجیے)
- چنبیلی صفحہ ۱۱۲
- جھ، چھ، دھ، دڈھ سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا/کھلونے یا تصاویر (صفحے پر موجود تصاویر سے مدد لیجیے)
- تختۂ تحریر


## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- پچھلی جماعت میں پڑھائے گئے مرکب حُروف کو پڑھوایئے پھر طلبہ سے تختۂ تحریر پر حرف 'ج' لکھ کر اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ بتایئے کہ جیم کی آواز ہلکی ہے۔ اگر ہم یہاں اس سے کچھ ملتا جلتا ایک نیا حُروف لکھ دیں تو اس کی آواز بدلی ہوئی ہوگی۔ 'جھ' لکھیے۔ بتایئے کہ اس کا نام 'جھے' ہے اور آواز 'جھ' ہے۔
- ہر طالبِ علم کے ہاتھ میں سادہ کاغذ دیجیے۔ اپنے منھ کے سامنے رکھ کر طلبہ سے آپ کی نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اب 'ج' کی آواز نکالیے۔ پھر 'جھ' بول کر دکھایئے۔ طلبہ کو بھی یہی کرنے کی ہدایت دیجیے۔ بتایئے کہ صرف 'ج' پر کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) نہیں ہوتی جبکہ 'جھ' دُرست تلفّظ سے ادا کرنے سے کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حرف منھ میں ہوا بھر کر ادا کیا جاتا ہے۔ اسی سرگرمی کو دہراتے ہوئے 'چ' اور 'چھ' 'د' اور 'دھ' ، 'ڈ' اور 'ڈھ' کی آوازیں بھی کاغذ منھ کے سامنے رکھتے ہوئے ہی ادا کیجیے۔ چھ، دھ اور دڈھ کی ادائی کے وقت ہونے والی کاغذ لرزش کی طرف توجّہ دلاتے ہوئے طلبہ سے بھی دُرست ادائی کی مشق کرواتے رہیے۔
- آوازوں کی دُرست ادائی کی مشق کروانے کے بعد چنبیلی کا صفحہ ۱۱۲ کھلوا کر دیے گئے حُروف کے نام اور ان کی دُرست آوازیں سکھایئے۔

نام : جھے، چھے، دھا، ڈھا۔

- آوازیں جھ، چھ، دھ، ڈھ سکھائیے۔
- صفحے پر موجود تصاویر دکھاتے ہوئے اُن کے نام پڑھ کر بتائیے۔ (طلبہ سے ان لکھے ہوئے الفاظ کی پڑھائی نہیں کروائی جائے گی)۔
- دیے گئے ذخیرۂ الفاظ کے علاوہ بھی الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- حُروف کے ناموں اور آوازوں کی اچھّی طرح پہچان کروانے کے بعد تختۂ تحریر پر بڑے ڈھ لکھ کر دکھائیے۔ طلبہ سے ہوا میں بنوائیے۔ باری باری تختۂ تحریر پر بڑے لکھے حرف پر رنگین چاک پھروائیے۔ خیال رہے کہ حرف طلبہ کے قد کے مطابق ہوں تاکہ انھیں لکھنے میں آسان ہو۔




- کتاب کے صفحے پر دیے گئے حُروف میں رنگین پنسلوں سے تین تین بار لکھوائیے۔ دُرست بناوٹ کے لیے طلبہ کو مشق کروائیے۔
- طلبہ سے پوچھیے آج ہم نے کیا سیکھا؟ مختصر ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔

# مرکب حروف (ڑھ، کھ، گھ، لھ) ...... (صفحہ ۱۱۳)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- کھوکھلے حُروف میں ہدایت کے مطابق دُرست سمت میں پنسل پھیرنے کے ذریعے ہاتھوں کی نفیس حرکات پر قابو پا سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ مرکّب حُروف تہجّی کی (بھاری آوازیں) آوازوں اور ناموں کی پہچان کر کے دُرست ادائی کرسکیں۔
- مرکّب حُروف تہجّی کی لکھائی کرسکیں۔


## مددگار مواد

- ہر طالبِ علم کے لیے ایک کاغذ (A4 سائز کاغذوں کے دو برابر کے ٹکڑے کرکے ہر طالب علم کو ایک ایک کاغذ دیجیے)
- چنبیلی صفحہ ۱۱۳
- ڑھ، کھ، گھ، لھ سے شروع ہونے والی حقیقی اشیا/ کھلونے یا تصاویر (صفحے پر موجود تصاویر سے مدد لیجیے)
- تختۂ تحریر

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- پچھلی جماعت میں پڑھائے گئے مرکب حروف کی پڑھائی کروایئے۔ پھر طلبہ سے تختۂ تحریر پر حرف 'ک' لکھ کر اس کا نام اور آواز پوچھیے۔ بتایئے کہ کاف کی آواز ہلکی ہے۔ اگر ہم یہاں اس سے کچھ ملتا جلتا ایک نیا حرف لکھ دیں تو اس کی آواز بدلی ہوئی ہوگی 'کھ' لکھ کر دکھایئے۔ بتایئے کہ اس کا نام 'کھے' ہے اور آواز 'کھ' ہے۔
- ہر طالب علم کے ہاتھ میں سادہ کاغذ دیجیے اپنے منھ کے سامنے رکھ کر طلبہ سے آپ کی نقل کرنے کی ہدایت دیجیے۔ اب 'ک' کی آواز نکالیے پھر 'کھ' ادا کیجیے۔ طلبہ کو بھی یہی کرنے کی ہدایت دیجیے۔ بتایئے کہ صرف 'ک' پر کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) نہیں ہوتی۔ جبکہ 'کھ' دُرست تلفّظ سے ادا کرنے سے کاغذ میں لرزش (کپکپاہٹ) ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حرف منھ میں ہوا بھر کر ادا کیا جاتا ہے۔ اسی سرگرمی کو دہراتے ہوئے 'گ' اور 'گھ' 'ل' اور 'لھ'، 'ڑ' اور 'ڑھ' کی آوازیں بھی کاغذ منھ کے سامنے رکھتے ہوئے ہی ادا کیجیے۔ گھ، لھ اور ڑھ کی ادائی کے وقت ہونے والی کاغذ کی لرزش کی طرف توجّہ دلاتے ہوئے طلبہ سے بھی دُرست ادائی کی مشق کرواتے رہیے۔
- آوازوں کی دُرست ادائی کی مشق کروانے کے بعد چنبیلی کا صفحہ ۱۱۳ کھلوا کر دیے گئے حُروف کے نام اور ان کی دُرست آوازیں سکھایئے۔ نام: ڑھے، کھے، گھے، لھے۔ آوازیں ڑھ، کھ، گھ، لھ سکھایئے۔
- صفحہ پر موجود تصاویر دکھاتے ہوئے اُن کے نام پڑھ کر بتایئے (طلبہ سے ان لکھے ہوئے الفاظ کی پڑھائی نہیں کروائے جائے گی)۔
- ذخیرۂ الفاظ کے علاوہ بھی الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔
- حُروف کے ناموں اور آوازوں کی اچّھی طرح پہچان کروانے کے بعد تختۂ تحریر پر بڑے  لکھ کر دکھایئے۔ طلبہ سے ہوا میں اشارے سے لکھوا کر مشق کروایئے۔ باری باری تختۂ تحریر پر بڑے لکھے حرف پر رنگین چاک پھروایئے۔ خیال رہے کہ بڑے لکھے ہوئے حرف طلبہ کے قد کے مطابق ہوں تاکہ انھیں لکھنے میں آسانی ہو سکے۔




- کتاب کے صفحے پر دیے گئے حُروف میں رنگین پنسلوں سے تین تین بار لکھوایئے۔ دُرست بناوٹ کے لیے طلبہ کو بہت مدد دکار ہوگی۔

# مرکب حروف (مھ، نھ) ...... (صفحہ ۱۱۴)

## مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ مرکّب حُروف تہجّی کی (بھاری آوازیں) آوازوں اور ناموں کی پہچان کر کے دُرست ادائی کرسکیں۔
- مرکّب حُروف تہجّی سے بننے والے دو حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۴
- فلیش کارڈز مرکب حُروف (بھ سے نھ )
- تختۂ تحریر
- رنگین چاک
- کھلونے جو مختلف پیشوں سے متعلق ہوں مثلاً ڈاکٹر سیٹ جس میں اسٹیھتوسکوپ، تھرمامیٹر وغیرہ ہو، ہتھوڑا، وغیرہ یا ان کی تصاویر یا ڈرائینگز

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- پہلے پڑھائے گئے 'بھ' والے الفاظ پڑھایئے۔ پھر طلبہ کو 'مھ' اور 'نھ' دو نئی آوازوں سے متعارف کروایئے۔ ان حُروف کی آوازیں بتایئے۔
- 'مھ' کا ذخیرۂ الفاظ کمھارا، تمھارا، تمھیں بول کر بتایئے۔ طلبہ کو دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- اسی طرح نھ سے ننّھا بولیے اور طلبہ کو دہرانے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ سے پُوچھیے کمھار کسے کہتے ہیں۔ مٹی کے برتن بنانے والے کمھار کہلاتے ہیں۔ مختلف پیشوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے اُن کے اوزار مثلاً ڈاکٹر سیٹ، ہتھوڑا وغیرہ دکھایئے۔ معلّمہ بچّوں کو بتائیں کہ جس طرح ڈاکٹر علاج کرتے ہیں۔ ٹیچرز پڑھاتے ہیں، پائلٹ جہاز اڑاتے ہیں بالکل اسی طرح کمھار مٹی کے برتن اور بچّوں کے کھلونے بناتے ہیں۔
- چنبیلی کا صفحہ کھلوا کر 'مھ نھ' پر انگلی پھروایئے۔
- نیچے لکھے گئے دو حرفی الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھوایئے۔ لکھتے ہوئے مصوّتوں کے لیے رنگین چاک استعمال کیجیے تاکہ طلبہ کو پڑھنے میں دُرست آواز نکالنے میں مدد مل سکے۔
- مھ اور نھ کے کھوکھلے حُروف میں رنگین پنسلوں سے تین تین بار دُرست لکھوایئے۔
- طلبہ کے گروپ بنا کر اُنھیں مختلف پیشوں سے متعلق کردار ادا کرنے کو کہیے۔ ہر گروپ باری باری آکر اپنے پیشے کے بارے میں بتائے۔

مثلاً گروپ نمبر ۱ ہم ڈاکٹر ہیں۔ مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ہم کمھار ہیں ۔مٹّی کے برتن بناتے ہیں۔ | گروپ نمبر ۲ |
| ہم اساتذہ ہیں ۔ طالب علموں کو پڑھاتے ہیں۔ | گروپ نمبر ۳ |
| ہم بڑھئی ہیں ۔لکڑی سے چیزیں بناتے ہیں۔ | گروپ نمبر ۴ |
| ہم پائلٹ ہیں ۔ جہاز اڑاتے ہیں۔ | گروپ نمبر ۵ |

نوٹ : طلبہ کو اُن کے پیشوں سے متعلق کچھ اشیا دیجیے۔

## ھ ۔چار اور تین حرفی الفاظ ...... (صفحہ ۱۱۵)

### عمومی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- جملے پڑھ سکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

### خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- مرکّب حُروف کے 'ا' اور 'و' کے ساتھ چار حرفی اور تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۵
- فلیش کارڈز


| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھا | جھا | چھا | دھا | کھا | کا | گا | ڑا | نا | تا | لا | پا |
| یا | گ | س | تھ | بھو | دھو | گھو | چھو | تھو | پھو | ٹھو | |

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار


- طلبہ کو فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- ان فلیش کارڈز کو تختۂ تحریر پر چپکا کر پڑھائی کروائیے۔

| بھا | | گا | اب | بھا | کا فلیش کارڈ ہٹا دیجیے اور | دھا | کا فلیش کارڈ چپکائیے۔طلبہ سے پڑھوائیے۔ | دھا | | گا |

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ اب طلبہ کے ہاتھوں میں دے کر کھڑا کر کے پڑھائی کروائیے۔ 


- ابتدائیہ میں دی گئی مثال کی طرح ہی طلبہ کے ہاتھوں کے فلیش کارڈز بدل کر نئے الفاظ پڑھوائیے۔طلبہ سے الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔

مزید امثال :




- چنبیلی کا صفحہ پڑھوائیے۔
- صفحے میں درج جُملے پڑھوا کر ہلکے رنگ سے لکھے گئے جملوں پر پنسل پھروائیے۔ پھر سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر طلبہ کو جُملے سوچ کر بتانے کی ہدایت دیجیے۔ ان کے بتائے گئے جُملوں پر حوصلہ افزائی کیجیے۔
- طلبہ سے سوالات کیجیے کہ کون سے نئے الفاظ سیکھے؟ کون سا لفظ پڑھنے میں بہت مزا آیا؟
- طلبہ کو بتائیے کہ ہم نے بھاری آوازوں کے چار حرفی الفاظ پڑھنا سیکھے ہیں۔طلبہ سے پوچھیے کہ بھاری آواز کیسی ہوتی ہے؟ طلبہ کی ادائی پر خصوصی توجہ دیجیے۔

# ھ (ی۔ ے)...... (صفحہ ۱۱۶)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- مرکّب حُروف کے 'ی' اور 'ے' کے ساتھ مل کر بننے والے چار حرفی اور تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد


- چنبیلی صفحہ ۱۱۶
- فلیش کارڈز

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھا | جھا | کھا | سا | ہا | چھا | گی | ڑی | لے | ڑے | تے |
| چھو | بھو | پھو | تھو | کھو | گھو | لی | ٹی | تی | تھی | بھی |

## پیریڈز: ۲


## طریقۂ کار

- درکار اشیا میں موجود فلیش کارڈز کو تختۂ تحریر پر اس طرح چپکایئے کہ ایک مکمل لفظ بن جائے پھر ان کی پڑھائی کروایئے۔
- | گھو | | ڑی | اب | گھو | کا فلیش کارڈ ہٹا دیجیے اور | تھو | کا فلیش کارڈ چپکایئے۔ طلبہ سے پڑھوایئے | تھو | | ڑی |
- اس کے بعد ہر لفظ کے پہلے دو حرفی ارکان ہٹا دیجیے۔ اب ہٹائے گئے فلیش کارڈز طلبہ کو دیجیے اور انھیں دُرست جگہ پر چسپاں کرنے کی ہدایت دیجیے تاکہ وہ نئے الفاظ بنانا سیکھ سکیں۔
- تمام فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔ اب طلبہ کے ہاتھوں میں دے کر کھڑا کرکے پڑھائی کروایئے۔




- ابتدائیہ میں دی گئی مثال کی طرح ہی طلبہ کے ہاتھوں کے فلیش کارڈز بدل کر نئے الفاظ پڑھوایئے۔

مزید امثال:




- چنبیلی کے صفحہ ۱۱۶ کی پڑھائی کروایئے۔
- نیچے دیے گئے جُملے پڑھا کر ہلکے رنگ سے لکھے گئے جُملوں پر پنسل پھروایئے۔ طلبہ سے مزید مثالیں پوچھیے اور ان کے جوابات کو تختۂ تحریر پر لکھیے۔ طلبہ کی تخلیقی سوچ کو ابھارنے کی کوشش کیجیے اور ساتھ ہی ان کے تلفّظ پر بھی توجہ دیجیے۔

# مد ...... (صفحہ ۱۱۷)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- 'آ' کے الفاظ نقل کرسکیں اور تصاویر بناسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ مد 'ٓ' کی پہچان کرسکیں۔

- مد ٓ کی وجہ سے الف کی آواز میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۷
- الف 'ا' اور مد 'ٓ' کا بڑا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز 'ٓ' کا ذخیرۂ الفاظ (آم، آج، آپ، آگ، آٹھ، آیا، آٹا، آرا، آنا، آتا)
- نیا بصری لفظ 'تمھارے'
- تختۂ تحریر

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- 'ا' کی آواز کا اعادہ کروایئے۔ الفاظ کے شروع میں آنے والی مختصر آواز اور درمیانی اور آخر میں آنے والی قدرے لمبی آواز کی وضاحت مثالوں سے کیجیے۔مثلاً (شروع میں)۔ انار ، ابّو، کوّا، کاجل، کاٹ۔
- تعارف: مد کا کٹ آؤٹ (ٓ) (لال رنگ میں ہو تو نمایاں ہوگا) ہاتھ میں پیچھے چھپا کر لایئے۔ بچّوں میں تجسّس پیدا کیجیے کہ آج 'الف' سے ملنے ایک مہمان آرہا ہے۔ وہ مہمان دوست بن کر الف کے ساتھ رہے گا تو الف کی آواز دُگنی ہوجائے گی۔پوچھیے آپ جانتے ہیں وہ کون ہے؟ شاید کچھ بچّے یہ بتاسکیں کیونکہ کچھ بچّے گھر پر قرآنی قاعدہ پڑھنے کے باعث 'مد' کی پہچان رکھتے ہوں گے۔ چھپایا گیا 'مد' (ٓ) کا کٹ آؤٹ دل چسپ انداز میں نکال کر دکھایئے۔تختۂ تحریر پر ایک بڑا سا الف بنایئے اور اس کے اوپر یہ کٹ آؤٹ ماسکنگ ٹیپ سے چپکایئے۔
- ایک جیسی دو پنسلیں لیجیے۔ ایک پنسل دکھایئے اور دوسری پنسل رکھ کر بتایئے کہ اس پنسل کی لمبائی دگنی (double) ہوگئی ہے۔ اب تختۂ تحریر پر بنائے گئے 'آ' کی طرف اشارہ کیجیے کہ اس طرح الف کی آواز دگنی ہوجاتی ہے اب 'آ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز 'آ' کے گرد چپکا کر پڑھوایئے۔
- نئے لفظ 'تمھارے' کا فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۱۷ پڑھوایئے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ پڑھائی کرے۔ (بچّے سے اپنی باری آنے پر باآواز بلند پڑھائی کروایئے)
- دیے گئے جُملے کی پڑھائی کے بعد کھوکھلے بڑے 'مد' میں اور ہلکی روشنائی سے لکھے گئے جُملے پر پنسل پھروایئے۔
- تختۂ تحریر پر الفاظ لکھیے اور تصاویر بنایئے۔
- سادے کاغذ پر 'آ' کے الفاظ لکھوا کر تصاویر بنوایئے۔

نمونہ آم  آگ 

بچّے کسی بھی چیز کی آٹھ تصاویر بنالیں۔ آٹھ  آٹا 



- طلبہ کو الف کی مختلف آوازوں اور مد کی آواز کا مزیدار انداز میں اعادہ کروایئے۔ طلبہ سے کہیے کہ وہ شروع کی آواز سن کر تالی بجائیں پھر

آخر کی آواز پر۔ طلبہ کے کام پر ☆ بنا کر شاباش لکھیے۔ طلبہ کے کام کو جماعت میں نمایاں مقام پر آویزاں کریں۔

# زبر ...... (صفحہ ۱۱۷)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- اعراب میں زبر کی علامت کے دو حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ


- طلبہ بنیادی مصوّتے ’ا‘ اور ـَ زبر کی آواز میں فرق سمجھ سکیں ۔
- زبر کی وجہ سے آواز میں ہونے والی تبدیلی پہچان کر دُرست ادائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۷
- زبر ـَ کا بڑا کٹ آؤٹ
- الفاظ کے فلیش کارڈز ( بَس ، پَر، جَب ، دَس ، گَل، ہم ، گھر، پھَل، چَھت)
- تختۂ تحریر

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ سے پوچھیے کل ہم سے کون سا مہمان ملنے آیا تھا؟ وہ کس حرف کا دوست بنا تھا۔ اُس دوست کے ساتھ مل کر اُس کی کیسی آواز بن گئی تھی؟
- سوالوں کے جواب کے ذریعے ’مد‘ کا اعادہ کروانے کے بعد بتایئے کہ آج ایک نیا مہمان آیا ہے وہ صرف حرف الف سے دوستی نہیں کرتا بلکہ تمام حُروف سے دوستی کرسکتا ہے۔ اپنے پیچھے چھُپا کر لایا گیا زبر  کا بڑا کٹ آؤٹ دکھایئے اور تاثرات سے کہیے۔ دیکھیں یہ کون آیا!
- زبر کا بڑا کٹ آؤٹ تختۂ تحریر پر ’مد‘ کی طرح ہی چپکا دیجیے۔
- الفاظ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے کے بعد اس کے کٹ آؤٹ کے ساتھ چپکا دیجیے۔
- طلبہ کو آسان الفاظ میں بتایئے کہ جس طرح دو حروف کو ملانے کے لیے ’ا و ی ے‘ استعمال ہوتے ہیں اسی طرح دو حُروف کو ملانے کے لیے ـَ بھی استعمال ہوتا ہے اور یہ ’ا‘ کی آدھی آواز دیتا ہے۔طلبہ سے اس آواز کی دہرائی کروایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر لکھے گئے حُروف اور اُن کے زبر کی مدد سے بننے والے الفاظ پڑھ کر بتایئے اور طلبہ سے پڑھوایئے۔
- ہوا میں دُرست زبر بنوایئے۔

- کتاب کے صفحے پر کھو کھلے لکھے گئے زبر میں دُرست طریقے سے تین تین بار لکھوایئے۔
- ہلکی روشنائی سے لکھا گیا جُملہ پڑھوانے کے بعد اس پر پنسل پھروایئے۔
- زبر کی آواز کا اعادہ کروایئے
- ایسے مزید الفاظ طلبہ سے پوچھیے مثلاً سَب ، کَم،۔۔۔ سادے کاغذ پر گَھر یا پَھل لکھوا کر اس کی تصویر بنوایئے۔ طلبہ کی بنائی تصاویر کو ایک دوسرے کو دکھانے کی ہدایت دیجیے۔
- بتایئے کہ ہوسکتا ہے کل کوئی تیسرا مہمان ہم سے ملنے آئے۔

# زیر...... (صفحہ ۱۱۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- الفاظ دُرست طریقے سے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ زیر ـِ کی علامت سے ہونے والی حُروف کی آوازوں کی تبدیلی پہچان سکیں۔
- زیر کے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۸
- زیر کا بڑا کٹ آؤٹ
- زیر کے الفاظ کے فلیش کارڈز (بِل، دِن، گِر، گِن، کِس، پِھر، کِھل)
- تختۂ تحریر

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- زیر ـِ کا بڑا کٹ آؤٹ دکھا کر کہیے کہ آج یہ آپ سے ملنے آیا ہے۔ زبر اور زیر کا موازنہ کیجیے۔ جگہ بتایئے کہ زبر حرف کے اوپر لگتا ہے اور زیر نیچے۔
- طلبہ کو سمجھانے کے لیے تختۂ تحریر پر 'ی' لکھیے اور اس کی آواز پوچھیے۔ پھر انھیں بتایئے کہ زبر 'a' کی آواز دیتا ہے اور زیر 'i' کی یا 'ی' کی۔ پھر اُنھیں بتایئے کہ مصوّتے 'ی' (ای) کی آواز سے آدھی آواز زیر 'ـِ' کی ہے۔ جب مصوّتہ 'ی' کسی حُروف کے ساتھ ملتا

ہے تو لمبی آواز دیتا ہے جیسے : ج + ی = جی۔ اگر 'ی' کی جگہ زیر ہو تو چھوٹی آواز جِ ہوگی۔ جب زیر دو حُروف کو ملائے گا تو چھوٹی آواز کے ساتھ ملے گا، جیسے : 'جِس'۔

- تختۂ تحریر پر بڑا کٹ آؤٹ اور ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز چپکایئے اور پڑھوایئے۔ پڑھائے گئے الفاظ کے معنی پوچھیے اور بتایئے۔
- چنبیلی صفحہ ۱۱۸ پر لکھے گئے حُروف اور اُن کے زیر ِ کی مدد سے بننے والے الفاظ پڑھ کر بتایئے اور طلبہ سے پڑھوایئے۔
- ہوا میں دُرست بناوٹ سے زیر لکھنا سکھایئے۔
- کتاب کے صفحے پر کھوکھلے لکھے گئے ِ زیر میں دُرست طریقے سے تین تین بار لکھوایئے۔
- زیر کے الفاظ سادہ کاغذ پر لکھوایئے۔ بِل ، دِن ، دِل ، گِر۔
- طلبہ سے تختۂ تحریر پر لکھے گئے الفاظ کی ایک بار پھر پڑھائی کروانے کے بعد ان الفاظ کے زبانی جُملے پوچھیے اور بتایئے۔

مثلاً آج کون سا دِن ہے؟
میرا دِل دَھک دَھک کررہا ہے۔
کِس کے پاس پنسل ہے؟

# پیش ...... (صفحہ ۱۱۸)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- الفاظ دُرست طریقے سے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ ُ پیش کی پہچان کرسکیں ۔
- اس علامت سے حُروف کی آوازوں میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- پیش کا کٹ آؤٹ ُ
- پیش کے الفاظ کے فلیش کارڈز (اُس ، اُن ، تُم ، پُل ، سُن ، چُپ، بُدھ ، چُھپ )
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۱۸

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- زبر اور زیر کے بڑے کٹ آؤٹس دکھاتے ہوئے ان کی آواز کا اعادہ کروائیے اور چند الفاظ کی مثالیں بھی دیجیے۔
- پیش ؑ کا بڑا کٹ آؤٹ دکھائیے اور بتائیے کہ آج یہ آپ سے ملنے آیا ہے۔ یہ بھی حُروف کو ملا کر لفظ بنانے کا کام کرتا ہے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ ان کے خیال میں اس مہمان کی آواز کیا ہوگی؟
- تختۂ تحریر پر مختلف حُروف لکھ کر یا چپکا کر دُرست ادائی سے پڑھوائیے۔

پہلی مثال دُم کی دیجیے۔ اس پر زبر کا کٹ آؤٹ چپکائیے یا چاک سے ہی زبر لگا کر پڑھوائیے: دَم ۔ اس کے بعد زیر چپکائیے یا چاک سے بنائیے: دِم۔ اب پیش چپکائیے: دُم۔ اسی طرح گِن ، گَن اور گُن کی مثال بھی دیجیے۔ یوں زبر اور زیر کا اعادہ بھی ہوگا اور بچّے پیش کی آواز بھی سمجھ جائیں گے۔

- پیش کے الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- صفحے پر موجود جُملوں کی پڑھائی اچّھی طرح کروائیے۔
- پیش ـُـ بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا پیش بنا کر تختۂ تحریر پر واضح کیجیے۔ بچّے ہوا میں آپ کے ساتھ پیش بنائیں۔چنبیلی میں کام کروائیے۔ کام کے دوران دُرست بناوٹ کی نگرانی کیجیے۔
- صفحے کے نچلی جانب دیے گئے جُملوں پر پنسل پھروائیے۔
- پیش کے مزید الفاظ پُوچھیے اور بتائیے سادہ کاغذ کی پٹیوں پر چند الفاظ لکھوائیے اور کتاب کی شکل بنائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُس | اُن | تُم | پُل | چُپ | چُھپ |

- زبر ، زیر ، پیش کا مختصر اعادہ کروائیے۔یعنی ہر علامت کے تین تین فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھوائیے۔ آوازوں کے فرق کی طرف توجّہ دلوائیے۔

## وُ۔ وَ۔ وٖ..... (صفحہ ۱۱۹)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ 'وُ' کی مختلف آوازیں پہچان سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- طلبہ ذخیرۂ الفاظ سے زبانی جُملے بنا سکیں۔
- جُملے سوچ کر زبانی بیان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۱۹
- فلیش کارڈز (دُور، دُودھ، پھُول، دُھوپ، چُوہا، جُوتا، چُولھا، جھاڑو، چُوڑی، پُوڑی، جُھولے، چُوزے)
- (نَو، اوَر، کوَن، پَودا، فَوجی) (خُو ش، خُو شی، خُو د، خُو اب)
- تختۂ تحریر

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ کو بتایئے کہ 'و' کی آواز 'او' ہے۔ اس کی آواز کی دہرائی کروایئے۔ تختۂ تحریر پر 'و' کے ساتھ الفاظ لکھیے اور طلبہ سے 'و' کی آواز پوچھیے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ حرف پر پیش آجائے تو اس کی آواز لمبی ہوجاتی ہے اور 'اُو' بن جاتی ہے جیسے چُوہا، پُوری، سُوکھی، جُوتے۔
- فلیش کارڈز اور چنبیلی کے صفحے ۱۱۹ پر موجود 'وُ' کے الفاظ اور جُملے پڑھوایئے۔ ہلکی روشنائی سے لکھے گئے جُملے پر پنسل پھِروایئے۔ اس کے بعد طلبہ سے مزید جُملے بنوایئے اور کوشش کیجیے کہ طلبہ خود جُملے سوچیں تاکہ ان کی تخلیقی سوچ اُبھر سکے۔
- (ـَو) طلبہ کو بتایئے کہ 'و' سے پہلے زبر آنے پر 'و' کی آواز پھیل جاتی ہے اور اَو کی آواز بن جاتی ہے جیسے پَودا، فَوجی۔
- دُرست تلفّظ سے فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- چنبیلی کے صفحے پر َو کے الفاظ پڑھوایئے۔
- جُملہ پڑھانے کے بعد لکھوایئے۔ طلبہ سے زبانی جُملے پوچھیے (کوشش کیجیے کہ ان بچّوں کو موقع ملے جنھوں نے ابھی تک کوئی جُملہ نہیں بتایا) ان کے بتائے جُملے تختۂ تحریر پر لکھ کر دہرائی کروایئے۔
- 'وٓ' طلبہ کو بتایئے کہ یہ وہ واؤ ہے جس کی آواز نہیں آتی مثلاً خُوش۔ لکھا جاتا ہے مگر بولا نہیں جاتا۔
- جُملہ لکھوایئے۔
- طلبہ کے تین گروہ بنا کر اُنھیں مختلف فلیش کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔ ایک گروہ کو ُو کے الفاظ دیجیے۔ ایک کو َو کے اور ایک واؤ معدولہ کے۔ ہر بچّہ اپنا کارڈ پڑھے اور باقی بچّے دہرائیں۔ طلبہ سے الفاظ کے معانی اور ایک زبانی جُملہ پوچھیے۔ اگر کسی طالبِ علم کو مشکل پیش آرہی ہو تو وہ اپنے گروہ کے کسی بھی ایک بچّے سے مدد مانگ سکتا ہے۔

# ـے ...... (صفحہ ۱۲۰)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- جملے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- طلبہ ے (یائے لین) کی آواز پہچان سکیں۔
- ے (یائے لین) کی آواز کا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- ے (یائے لین) کے الفاظ پر مبنی جُملے پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۲۰
- فلیش کارڈز | ے | اور ذخیرۂ الفاظ (بَیل، سَیر، چَین، تھَیلا، مَیلا، مَینا، بَیٹھا، تَیرو، کَیسی، بَیٹھی، پَیسے)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ کو بتایئے کہ 'ے' کی آواز اے (A) ہے جیسے تالے ، باجے۔ لیکن جب اس سے پہلے والے حرف پر زبر ہو تو اس کی آواز پھیل جاتی ہے اور اَے بن جاتی ہے۔
- آواز کے تعارف کے بعد فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔ بتایئے کہ پھُولوں کی 'بیل' ہوتی ہے اور ایک جانور بَیل ہوتا ہے۔ طلبہ کے گروہ بنا کر اُنھیں فلیش کارڈز دیجیے۔ گروہ کا ہر بچّہ باری باری فلیش کارڈ پڑھ کر دوسرے بچّوں کو سُنائے (اس کام میں مدد درکار ہوگی)
- چنبیلی صفحہ ۱۲۰ کی پڑھائی کروایئے۔ نیچے دیے گئے جُملے پڑھوانے کے بعد ہلکی روشنائی سے لکھے گئے جُملوں پر دُرست طریقے سے پنسل پھروایئے۔ اس کے بعد ایک گروہی سرگرمی کروایئے۔ طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیجیے اور ہر گروہ کو ایک جانور دیجیے۔مثال کے طور پر کسی کو طوطا، کسی کو بلی، کسی کو مچھلی۔ خیال رہے کہ طلبہ اپنی کتاب کے ذریعے پہلے سے اس جانور سے واقف ہوں۔ پھر ان کو آپس میں اس جانور کے بارے میں بات کرنے کا موقع دیجیے۔معلّمہ ہر گروہ کے ساتھ وقت گزاریں اور طلبہ کی اس جانور کے بارے میں رائے معلوم کریں۔
- سرگرمی سے پہلے طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ایک دوسرے کو بتائیں کہ وہ اس جانور کے بارے میں کیا جانتے ہیں اور ان کو وہ جانور کیسا لگتا ہے؟ گفتگو کے آداب کا بھی اعادہ کروایئے۔
- سکھائی گئی آواز کو بار بار دہرا کر دُرست ادائی کے ساتھ مشق کروایئے۔ سیکھے گئے الفاظ دُرست تلفّظ سے دو مرتبہ پڑھوایئے۔

# مصوتے بطور حرف صحیح ...... (صفحہ ۱۲۱)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ

- الفاظ اور جُملے پڑھ سکیں۔

## خصوصی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- بنیادی مصوّتوں 'ا و ی ے' کا بطور حرف صحیح استعمال کرسکیں۔

## مددگار مواد

- 'ا و ی ے' کے کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ ۱۲۱

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- مصوّتوں کی آوازیں دُہرایئے۔ کچھ مثالیں جیسے بال ، بول ، باجی ، باجے تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے کہ یہ حرف جب مصوّتے کے طور پر آتے ہیں تو حُروف ملانے کا کام کرتے ہیں لیکن جب یہ حُروف مصمّتے (consonants) کے طور پر استعمال ہوتے ہیں تو ان کی اپنی مختلف آوازیں ہوتی ہیں ، جیسے ا۔ ابّو ، و۔وقت ۔
- مصوّتے کے طور پر 'ی' اور 'ے' کی آواز الگ ہوتی ہے مگر مصمّتے کے طور پر ایک ہی ہوتی ہے ، جیسے ی ے۔ یکّہ ، یاد۔
- چنبیلی کا صفحہ ۱۲۱ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔
- 'ا' سے امّی ، انار اور الماری پڑھوایئے۔
- 'و' سے وضو ، ورق اور ورزش پڑھوایئے۔
- 'ی' اور 'ے' کی شروع میں آنے والی ایک ہی آواز 'یا' سکھایئے۔
- نیچے دیے گئے الفاظ پڑھوایئے۔
- بچّوں کے ساتھ دری پر بیٹھ کر فلیش کارڈز کے ذریعے الفاظ اور جُملے بنوایئے۔
- کتاب کے جُملے پڑھوانے کے بعد کچھ نئے جُملے تخلیق کروایئے۔

  مثلاً وہ طوطے والا آیا۔

  واہ وا طوطے نے گانا گایا

  موزے/ باجے/ چھولے/ جھاڑو/ دودھ

باجے
موزے
چھولے — والا آیا
جھاڑو
دودھ

- طلبہ سے سادہ کاغذ پر ایک جُملہ لکھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھایئے۔

وہ طوطے والا آیا۔

واہ وا طوطے نے گانا گیا۔

بچّوں کے لکھے گئے جُملے پڑھ کر حوصلہ افزائی کیجیے اور تالیاں بجوایئے۔

## ہمزہ ...... (صفحہ ۱۲۲)

### عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- جُملے سوچ کر بیان کرسکیں۔

### خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- 'ء' کے الفاظ بنا سکیں۔
- 'ء' کے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

### مددگار مواد


- چنبیلی صفحہ ۱۲۲
- تختۂ تحریر
- 'ء' کا کٹ آؤٹ
- ہمزہ کے الفاظ کے فلیش کارڈز (آؤ، جاؤ، کھاؤ، لاؤ ، لائی، پائی، نائی، کھائی، بھائی، آئے، چائے، لائے، کھائے، جائے، نئی، کئی، مئی، نئے، گئے)

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- ہمزہ 'ء' کی علامت دومصوّتوں کے درمیان آنے کی صورت میں آوازوں کے جھٹکے سے بچاتی ہے۔مثلاً: 'آؤ' ۔ 'آ' اور 'و' کی آوازوں کو نرمی سے ادا کرنے کے لیے ہمزہ بطور پُل کام کرتا ہے۔ اس طرح دونوں آوازیں ملی ہوئی بولی جاتی ہیں۔(یہ معلومات معلّمہ اور طلبہ دونوں کے لیے ہیں۔معلّمہ اس طرح سے ہمزہ کی آواز سکھائیں تاکہ بچّے دُرست طریقے سے اس حرف کی ادائیگی کے قابل ہوں)
- ء کے بڑے کٹ آؤٹ سے ہمزہ کا تعارف کروایئے اور پوچھیے کہ اس کی شکل کس حرف سے ملتی ہے؟

- تختۂ تحریر پر لفظ 'آؤ' کو 'ء' کے بغیر لکھیے اور بتایئے کہ 'ء' کی موجودگی کے باعث حُروف کی حرکت تبدیل ہوئی اور دو مختلف حُروف کی آوازوں نے مل کر نیا لفظ بنایا۔




- علامتِ حمزہ کی مشق کروانے کے لیے چنبیلی صفحہ ۱۲۳ کی پڑھائی کروایئے۔
- تختۂ تحریر کے بائیں جانب 'ء' کے الفاظ لکھیے ۔مثلاً :

| | |
|---|---|
| آؤ | نائی |
| کھاؤ | کھائی |
| جاؤ | سوئی |
| لائے | کئی |
| روئے | نئی |
| نئے | مئی |

- بچّوں کو ان الفاظ کے جُملے سوچنے اور ایک چھوٹی سی کہانی بنانے کی ترغیب دیجیے۔ بچّوں سے پُوچھ کر تختۂ تحریر پر چند جُملے لکھیے۔ ان میں کچھ ترمیم اور اضافے سے اچھّی سی کہانی بن جائے گی۔مثلاً :

زارا آٹا لائی۔
چھوٹی سی روٹی پکائی۔
آؤ آؤ مانو آؤ۔ آؤ آ کے روٹی کھاؤ۔
تھوڑی روٹی زارا نے کھائی۔
تھوڑی سی مانو نے کھائی۔

- یہ جُملے پڑھوانے کے بعد طلبہ کو اس کہانی سے متعلق سادہ کاغذ پر تصاویر بنانے اور سیکھے گئے چند الفاظ لکھنے کی ہدایت دیجیے۔

# تشدید ...... (صفحہ ۱۲۲)

## عمومی مقصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- ماحول صاف رکھنے کے بارے میں بات کرسکیں۔

## خصوصی مقاصد

طلبہ اس قابل ہوسکیں کہ
- تشدید 'ـّـ' کا مقصد اور آواز کی شناخت کرسکیں۔
- تشدید کا ذخیرۂ الفاظ پہچان سکیں اور جُملوں میں استعمال کرسکیں ۔

## مددگار مواد

- چنبیلی صفحہ ۱۲۲
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز (امّی، ابّا، بچّہ، اچّھا، بلّا، بلّی، مکّھی، مچّھر)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- وضاحت کیجیے کہ کسی لفظ میں آنے والے وہ حُروف جو دو مرتبہ ادا کیے جاتے ہیں (جن پر زور دیا جائے) انھیں صرف ایک مرتبہ لکھ کر اُن پر تشدید کی علامت لگائی جاتی ہے۔مثلاً: ب ل ل ی = بلّی ۔مزید امثال تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے۔
- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- صفحے کے الفاظ پڑھوائیے۔ تختۂ تحریر پر علامتِ تشدید نمایاں کرکے لکھیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام ہو بہو لکھ کر سمجھائیے۔ لکھائی کے کام میں معاونت فراہم کریں۔
- سادہ کاغذ پر تشدید ' ّ ' کے الفاظ کی فہرست بنوائیے۔
- جُملے لکھنے کا کام بتائے گئے طریقے سے چنبیلی میں کروائیے۔
- مکّھیوں اور مچّھروں سے بچاؤ اور ماحول صاف رکھنے کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں کو گندگی کے نقصانات سے آگاہ کیجیے اور طلبہ کو جوڑیوں میں اپنے دوست سے ''گندگی سے بچاؤ کے طریقے'' پر بات کرنے کا موقع دیجیے۔
- مکّھیوں اور مچّھروں سے بچاؤ سے متعلق طلبہ کے گروہ میں پوسٹرز بنوانے کا کام کروائیے۔
- پوسٹر پر طلبہ موضوع سے متعلق جماعت کے اندر اور باہر پوسٹرز نمایاں کرکے آویزاں کریں۔ تصاویر مثلاً گندگی کے ڈھیر، اسپرے، دیواروں پر اشتہارات، کھانوں پر مکھیاں وغیرہ دکھائیے۔


# نوٹس

# جعلی اور چربہ کتابوں کی فروخت جرم ہے

# دھوکا دہی سے ہوشیار!

## اوکسفرڈ کی اصلی کتب ہی خریدیے

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی نصابی یا غیر نصابی کتب خریدتے وقت نیا حفاظتی نشان ضرور دیکھیے۔
حفاظتی نشان میں موجود ذیلی خصوصیات اس بات کا ثبوت ہوں گی کہ یہ اصلی کتاب ہے۔




۱ مختلف زاویوں سے دیکھنے پر مزارِ قائد کا رنگ نارنجی سے سبز میں تبدیل ہوگا۔

۲ حفاظتی نشان پر ایسے حفاظتی تراشے موجود ہیں کہ کوئی اسے اُتار کر دوبارہ استعمال نہ کر سکے۔

۳ حفاظتی نشان میں جہاں 'RUB HERE' لکھا ہے اس جگہ کو کسی سکّے سے رگڑنے پر لفظ 'ORIGINAL' نمایاں ہوگا۔

۴ اس حصّے پر لفظ 'OUP' نہایت چھوٹے سائز میں چھپا ہے جو کسی عدسے کی مدد سے دکھائی دے گا۔

۵
- اپنے اسمارٹ فون پر Play Store /App Store سے 'FPQR Tasdiq' ایپ مفت ڈاؤن لوڈ کیجیے۔
- تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ نے اوکسفرڈ کی اصلی کتاب ہی خریدی ہے حفاظتی نشان پر موجود QR Code اسکین کریں۔

۶ حفاظتی نشان کو اگر جلد (سرورق) سے اُتارا جائے تو یہ بآسانی پھٹ جائے گا۔

جعلی کتابوں کی چند علامات یہ ہیں:

- غیر معیاری طباعت
- گھٹیا کاغذ
- چھپائی اور رنگ میں فرق
- ناقص چھپائی
- دھندلی عبارت اور تصاویر
- ناقص جلد بندی اور کاغذ کی کٹائی
- کتب کی غیر معیاری شکل

اگر حفاظتی نشان موجود نہ ہو، پھٹا ہوا ہو یا تبدیل شدہ ہو، حفاظتی نشان پر موجود رنگ تبدیل نہ ہو رہا ہو، یا پھر لفظ 'ORIGINAL' سکّے سے رگڑنے پر نمایاں نہ ہو تو کتاب ہرگز قبول نہ کریں۔

اگر آپ کو شبہ ہے کہ آپ کو نقلی اور بغیر حفاظتی نشان کی کتاب فروخت کی گئی ہے تو براہِ مہربانی فوراً رابطہ کیجیے:

OXFORD
UNIVERSITY PRESS


اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، نمبر 38، سیکٹر 15، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی - 74900، پاکستان
- ٹیلیفون: 86-35071580 (21-92) • ٹول فری نمبر: 68775-0800 (صبح 9 تا شام 5 بجے؛ پیر تا جمعہ)
- فیکس: 72-35055071 (21-92) • ای میل: central.marketing.pk@oup.com
- ویب سائٹ: www.oup.com.pk آپ ہمیں پر دیکھ سکتے ہیں۔